نہ ہم امریکن پریذیڈنٹ کی طرح ہیں، نہ ہم برطانوی پارلیمنٹ کی طرح ہیں، نہ ہمارا مقام دلی کا ہے، نہ ہم فضل الٰہی ہیں، نہ ہم صدر ایوب ہیں۔ میں عرض یہ کرنا چاہتا ہوں۔ تضاد ہے کہ یہ ایک واضح بات ہے۔ ٹھیک ہے۔ اسلام کے مطابق چلیں۔ ہم بھی آپ کا اسی طرح احتساب کریں گے۔ آپ بھی ہمارا احتساب کریں۔ اور اگر آپ کو پارلیمانی روایات کو لینا ہے۔ تو پھر آئیے ہم پارلیمانی روایات کے مطابق چلیں۔

جناب والا! دوسرا تضاد یہ ہے کہ ایک طرف صدر محترم یہ بات فرماتے ہیں کہ یہ تمام چیزیں جو میں کہہ رہا ہوں ان کا تعلق کسی کی ذات سے نہیں ہے اور اس پہلو سے بڑی اہم ہیں کہ ہم آئین اور ضوابط کا احترام کریں، اس کا تعلق انکی ذات سے کم اور صدر مملکت کے عہدے سے زیادہ ہے۔ بالکل صحیح بات ہے۔ دوسری طرف ہم یہ بھی اس کے اندر پاتے ہیں کہ بجائے اس کے کہ دستور میں صدر کا جو رول متعین کیا گیا ہے اور صدر کے ایڈریس کے لئے جو حدود متعین کی گئی ہیں وہ ان کا لحاظ رکھیں۔ وہاں وہ اپنے لئے استثنیٰ مانگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ موجودہ آئین کی روشنی میں ہمیں ایک الگ مقام بنانا ہے یہ مقام ایک آئینی سربراہ کے ساتھ ساتھ ایک تجربے کار عہدیدار کا ہے۔ ایک نظام دہندہ کا بھی ہو سکتا ہے۔ بحوالہ صفحہ نمبر ۱۰ ایک نظام دہندہ کا بھی ہو سکتا ہے۔ اس نظام نگران کے محافظ اور رہنما کا بھی ہو سکتا ہے اور یہ ہے وہ فریم ورک جس میں میں پارلیمنٹ سے خطاب کرنا چاہتا ہوں۔

جناب والا! میں نے دستور کا مطالعہ ایمانداری کے ساتھ بغور کیا ہے۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

I stand subject to correction. لیکن اس دستور میں کوئی پروویژن کسی تجربے کار عہدے دار کے لئے نہیں ہے، تجربہ ہو یا نہ ہو وہ irrelevant ہے وہ کہنہ مشق ہو یا نہ ہو یہ irrelevant ہے وہ مفکر ہو یا نہ ہو یہ irrelevant ہے اس دستور کے تحت ان دیئے ہوئے ضوابط کے مطابق جس شخص کو منتخب کیا جاتا ہے وہ اس ملک کا صدر ہے اور وہ symbol ہے ملک کی unity کا وہ علامت ہے اس ملک کی فیڈریشن کا۔ یہ وہ مقام ہے جو اس دستور نے اس کو دیا ہے اور اس حیثیت سے ہمیں لازماً اس کی عزت کرنی چاہیئے، اس کا احترام کرنا چاہیئے، چاہے وہ صدر ایوب ہو، چاہے صدر فضل الٰہی ہو، چاہے صدر ضیاء الحق ہو، یہ ہے دستور کا تقاضا اور یہ ہے عام اخلاق کا تقاضا۔ لیکن جناب والا! مجھے اس دستور میں کہیں کسی نظام دہندے کا تصور نہیں ملا ۱۹۶۲ کا دستور تو اس طرح شروع ہوتا تھا کہ

I, Muhammad Ayub Khan give you this Constitution.

لیکن اس دستور میں مجھے ایسی کوئی پروویژن نظر نہیں آئی اس میں ضیاء الحق بھی اتنا ہی دستور کا پابند ہے جتنا میں اور آپ ہیں یا اس ملک کا کوئی اور شہری۔ اس لئے اس دستور میں کسی نظام دہندے کا تصور نہیں ہے نہ کسی نظام دہندے کا کوئی رول ہے۔

اسی طرح جناب والا! میں آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا ان تین بڑے الفاظ کی طرف کہ "اس نظام کے نگران، محافظ اور رہنما کا بھی ہو سکتا ہے" جناب والا! اس دستور میں جہاں تک رول متعین کئے گئے ہیں، پارلیمنٹ کا ایک رول ہے، صدر کا ایک رول ہے جوڈیشری کا ایک رول ہے

ہم سب ایک حیثیت سے دستور کے محافظ ہیں۔ لیکن دستور کی حفاظت کی اصل ذمہ داری اس میں عدلیہ کو سونپی گئی ہے۔ پارلیمنٹ نگران اور رہنما کی حیثیت رکھتی ہے، پارلیمنٹ کے ایک حصّے کی حیثیت سے صدر کا ایک رول ہے اور نہ ہم اس کی تحقیر کرنا چاہتے ہیں اور نہ اس کو اس مقام سے کہیں نیچے لے جانا چاہتے ہیں، لیکن اس دستور کے اندر صدر کو کسی مقام پر بھی نگران، محافظ اور رہنما قرار نہیں دیا گیا، اسے اس ملک کی علامت اس کی وحدت کا نشان، فیڈریشن کا نمائندہ قرار دیا گیا ہے اور اس حیثیت سے اسے اختیارات بھی دیئے گئے ہیں جن میں کچھ چیزوں میں اس کو ڈسکریشن حاصل ہے، کچھ میں اس کو ڈسکریشن حاصل نہیں ہے، جن میں ڈسکریشن حاصل نہیں ہے ان تمام میں وہ پابند ہے کونسل آف منسٹرز کی ایڈوائس کا۔

جناب والا! یہ اس میں ایک تضاد ہے کہ ایک طرف ہم قانون، دستور اور ادارے کی بات کرتے ہیں اور دوسری طرف ایک فرد کی بات کرتے ہیں فرد کی حیثیت سے صدر محترم قابل احترام ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ اس دستور نے ان کو یہ حیثیت نہیں دی، اگر دی ہے تو آیئے اسے سمجھ لیں اور اگر نہیں دی ہے تو ان کو سمجھنا چاہیئے کہ اب وہ سی ایم ایل نہیں ہیں، اب ان کے پاس وہ absolute power نہیں ہے اور ان کو اس نئے رول میں اس دستور کے مطابق جس کے تحت انہوں نے حلف اٹھایا اور ہم نے بھی حلف اٹھایا ہے۔ انہیں اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا ہوں گی، جناب والا! یہ وہ مقام ہے جہاں میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وزیراعظم اور صدر کے اختیارات کے درمیان توازن ایک بڑی اہم چیز ہے، ہر دستور checks and balances پر مبنی ہوتا

[Prof. Khurshid Ahmad]

ہے ہمارا دستور بھی checke and balances پر مبنی ہے لیکن جناب والا! یہ بڑی نازک چیز ہے، کسی ملک میں دو Exective Heads نہیں ہو سکتے۔ میں جو باتیں عرض کر رہا ہوں اپنے ضمیر اور ایمان کے تقاضے کی بنا پر اور اس ملک کی خیر خواہی میں عرض کر رہا ہوں، نہ مجھے جنرل ضیاء الحق صاحب سے کوئی دلچسپی ہے اور نہ جناب وزیر اعظم محترم جنیجو صاحب سے، دونوں میرے لئے محترم ہیں، دونوں کا اپنا اپنا مقام ہے اور میں اپوزیشن کا رکن ہونے کی حیثیت سے دونوں سے بڑے بنیادی اختلافات رکھتا ہوں لیکن ان تمام باتوں سے صرف نظر کرتے ہوئے ہمارا فرض ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ دستور کی سکیم کیا ہے اور اس ملک کے مفاد میں کیا ہے، کسی ملک میں دو انتظامی سربراہ نہیں ہو سکتے، یا صدارتی نظام ہو گا اور صدارتی نظام میں بھی صدر جو ہے وہ لامحدود اختیارات نہیں رکھتا مشہور جملہ ہے کہ

"President in United States can rule but not reign"

اور وجہ اس کی یہی ہے کہ وہاں پر Exective اور legistature کے درمیان distribution of power ہے legistature میں صدر کا کوئی role نہیں ہوتا اس کے منسٹرز کا کوئی role نہیں ہوتا حتیٰ کہ legistation کے لئے اس کے دستخطوں کی بھی ضرورت نہیں ہے وہ اپنی نوعیت کا ایک نظام ہے اس کے اندر built in checks and balances ہیں اسی طریقے سے پارلیمانی نظام ہے اس میں بھی built in checks and balances ہیں، دنیا میں ایسے variations بھی پائے جاتے ہیں مثلاً آئرلینڈ کا آئین ہے فرانس کا آئین ہے، خود ہندوستان کا آئین ہے، ہمارا اپنا آئین ہے لیکن ان تمام کے باوجود جو بنیادی اصول ہے کہ آیا دستور کے تحت

executive powers اس شخص کے پاس ہوگی جسے directly عوام نے انتظامی ذمہ داری سونپی ہے یا اس کے پاس ہوگی جسے پارلیمنٹ کا اعتماد حاصل ہو ہم نے یہ دوسرا راستہ اختیار کیا ہے اور جب یہ دوسرا راستہ اختیار کیا ہے تو توازن بھی اس فریم ورک میں ہو سکتا ہے اس سے ہٹ کر نہیں ہو سکتا اور اگر توازن کے نام پر دو permanent poles of power وجود میں لائے گئے ہیں تو اس کے نتیجے کے طور پر directly وجود میں آئے گی، اس کے نتیجے کے طور پر ملک میں سیاسی سازشیں وجود میں آئیں گی اور یہ ہمارے ملک میں ہوا ہے مجھے معاف رکھئے اگر میں نام لے کر یہ بات کہوں کہ جب دوسرے گورنر جنرل غلام محمد صاحب مرحوم نے اپنے اختیارات سے ہٹ کر ایک نیا رول اپنے لئے تیار کیا اور دو poles of power بنے۔ ایک گورنر جنرل اور ایک پرائم منسٹر۔ تو وہ دن تھا جب کہ ہمارے ملک میں جمہوریت تباہی کی طرف بڑھی۔ چاہے آپ ۱۹۵۳ کے واقعہ کو لیں جب کہ انہوں نے ایک منتخب وزیر اعظم کو ڈسمس کیا، چاہے ۱۹۵۴ کو لیں جب انہوں نے دستور یہ کو توڑا، یہ دراصل عملی عدم توازن تھا اور بیک وقت دو executive poles of power کا وجود میں آنا تھا، یہی کھیل پھر سکندر مرزا صاحب کھیلتے رہے ہم نہیں چاہتے کہ یہ تاریخ یہاں repeat کی جائے، یہی وجہ تھی کہ جب آٹھویں ترمیم آئی تو مجھے آپ معاف رکھیں اگر میں یہ کہوں، مجھے خوشی ہے کہ آج جناب حسن اے شیخ صاحب نے جن کی میں بڑی عزت کرتا ہوں بڑی جرأت سے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور میں ان کو اس پر ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں لیکن میں یہ بھی یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اسوقت تمام سرکاری پارلیمانی گروپ کے لوگ سجدے کے لئے تیار ہو گئے تھے یہ اپوزیشن

[Prof. Khurshid Ahmad]

کے چند افراد تھے جو راستہ میں حائل ہو گئے اور جس کے نتیجے کے طور پر بارہ ترامیم ہم نے اس آٹھویں ترامیم کے اندر کروائیں اور ان ۱۲ ترامیم کا اگر آپ تجزیہ کریں تو آپ یہ دیکھیں گے کہ ان کے ذریعے ہم نے پارلیمانی نظام کو مستحکم کیا، ہمیں کوئی فائدہ نہیں ہو رہا تھا، ہم اپوزیشن میں تھے لیکن ہماری کوشش یہ تھی کہ صحیح توازن قائم ہو، ۲۱ ڈسکریشنز سے کم کر کے ہم ۱۱ ڈسکریشنز تک لے آئے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت بڑی خدمت تھی جو ہم نے انجام دی اسی طرح اور دوسرے معاملات میں ہم نے اس بات کی کوشش کی کہ نظام کو زیادہ سے زیادہ حق اور انصاف کے قریب کریں۔

جناب والا! یہ مسئلہ کسی فرد کا نہیں ہے میرے لئے دونوں محترم ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اگر دو poles of power اس ملک میں بنیں گے تو یہ بڑا خطرناک ہو گا میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ جس وقت ۱۹۷۳ کا دستور بن رہا تھا جناب بھٹو صاحب نے بھی صدارتی نظام کے لئے بڑا زور لگایا تھا۔ لیکن جب انہوں نے محسوس کیا کہ پارلیمنٹ اسے ماننے کو تیار نہیں ہے اور وہ consensus کے ساتھ ایک بات طے کرنا چاہتی ہے تو انہوں نے پارلیمانی نظام کو قبول کر لیا اور ساتھ ہی اپنا رول بدل لیا انہوں نے کہا میں صدر نہیں رہنا چاہتا میں پرائم منسٹر بن جاتا ہوں اگر آج کسی شخص کو وہ executive role ادا کرنا ہے تو یہ دروازہ کھلا ہوا ہے لیکن خدارا جو نظام، جو قانون جو دستور آپ نے بنایا ہے اسے خراب نہ کریں ان حدود کے اندر رہ کر ہمیں کام کرنا چاہیئے۔ جناب والا! میں اس موقع پر یہ بات بھی کہنا چاہتا ہوں کہ جو تاریخی حوالے دیئے گئے ہیں وہ غالباً مناسب تحقیق کے ساتھ نہیں دیئے گئے،

## MOTION FOR VOTE OF THANKS TO DISCUSS PRESIDENTS' ADDRESS

میرا خیال تھا کہ جناب حسن اے شیخ صاحب اس مسئلے کو لیں گے لیکن قائداعظم مرحوم کی جس تقریر کا حوالہ دیا گیا میں پورے احساس ذمہ داری کے ساتھ یہ بات کہتا ہوں کہ اس تقریر کا کوئی تعلق صدر مملکت سے نہیں تھا وہ تقریر ۱۱ اگست ۱۹۴۷ء کو ہوئی جب کہ قائداعظم ابھی گورنر جنرل نہیں بنے تھے وہ تقریر اس وقت ہوئی جب کہ قائداعظم constituent اسمبلی کا صدر منتخب کیا گیا تھا میں نے اس پوری کارروائی کا ایک ایک حرف پڑھا ہے اور میں اس ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ قائداعظم کے بحیثیت President of the Constituent Assembly منتخب ہونے کے بعد ان کو مبارکباد پیش کرنے کے لئے تقاریر کی گئیں۔ جن میں ہندو ممبرز نے کچھ خاص اعتراضات اور مسائل اٹھائے اور اس کا پس منظر ہندو مسلم فسادات تھے اس coutext میں قائداعظم نے extempare ایک تقریر کی اور یہ کہہ کر کی کہ میں یہ کوئی prepared تقریر نہیں کر رہا ہوں، آپ نے کچھ چیزیں اٹھائی ہیں آپ نے میرے اوپر اعتماد کا اظہار کیا ہے، میں اپنے چند جذبات کا اظہار کر رہا ہوں یہ ہے وہ پس منظر جس میں ۱۱ اگست کی تقریر ہوئی تھی۔ نہ وہ ہیڈ آف دی سٹیٹ کی تقریر تھی وہ صرف President of the Constituent Assembly کی تقریر تھی وہ تقریر پاکستان کے وجود میں آنے۔

یعنی ۱۴ اگست سے ۳ دن پہلے کی گئی تھی۔ قائداعظم کی ہر تقریر ہمارے لئے اہم ہے لیکن خدارا اس کو مخصوص مقاصد کے لئے استعمال نہ کیجئے یہاں ۵۶ء کے دستور کا حوالہ دیا گیا ہے لیکن ۵۶ء کے دستور میں کوئی Obligatory Presidential Address کی گنجائش نہیں ہے اس آئین میں آرٹیکل ۵۲ میں صاف طور پر کہا گیا ہے۔

That the President may address to the National Assembly and may send messages thereto.

[Prof. Khurshid Ahmed]·

دوسرے الفاظ میں ۱۹۵۶ کے آئین میں Presidential Address کا وہ تصور ہی موجود نہیں تھا جو تصور ۱۹۷۳ء کے اور پھر ۱۹۸۵ء کی امنڈمنٹ کے ساتھ ہمارے دستور کے اندر ہے اگر یہ تصور کہیں پایا جاتا ہے تو وہ Indian Constitution کا میں ہے۔ جناب والا! انڈین کانسٹیٹیوشن کے الفاظ اگر آپ compare کریں تو آپ یہ پائیں گے کہ نہ صرف الفاظ بلکہ کوما اور فل سٹاپ بھی وہی ہے جو کہ آپ کے ہاں ہے اور اس میں تینوں چیزیں وہاں کہی گئی ہیں۔

"At the commencement of the first session after each general election to the House of the People and at the commencement of the first session of each year, the President shall address both Houses of Parliament assembled together and inform Parliament of the causes of its summons."

اس کے بعد پھر دوسرے حصے ہیں جو دوسری چیزوں سے تعلق رکھتے ہیں جناب والا! میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کراؤں گا اس میں Inform the Parliament of the causes of its summons

The Presidential Address ایک بڑی اہم چیز ہے۔ دوسرے الفاظ میں related ہے اس چیز سے کہ اس سال کا پروگرام کیا ہوگا اور اس میں کیا چیزیں کی جانی ہیں اور اس معاملے میں اگر آپ پارلیمانی روایات کا مطالعہ کریں تو وہاں بات بہت واضح ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر ہم مکرجی کی پارلیمنٹ آف انڈیا میں دیکھیں تو اس میں صاف الفاظ میں define کیا گیا ہے کہ یہ کیا ہے؟ حتیٰ کہ اس میں جو اختیار ہے وہ بھی آجاتا ہے۔

"As in Britain, the speech of the Executive Head of the State in India usually deals with the legislative programmes, the financial recommendations and administrative policy of the Government. The speech being a statement of policy is prepared by the Council of Ministers. The Head of the State may, however, make additions or alterations to the draft of the speech and may also omit any portion of it."

دوسرے الفاظ میں ہیڈ آف دی سٹیٹ کے پاس گنجائش موجود ہے کہ وہ اس میں اضافہ بھی کر سکتا ہے اس میں کمی بھی کر سکتا ہے لیکن اس کا فریم ورک اس کی ضرورت اور اس کا جو پیٹرن ہے یہ بہت واضح ہے۔

جناب والا! یہ اس لئے واضح ہے اور دستور یہ کہتا ہے . . . . . .

The President shall inform the House of the reasons of its being summoned.

اس کا مقصد کوئی وعظ سنانا نہیں ہے اس کا مقصد کسی کی ذاتی تحقیق سے استفادہ کرنا نہیں ہے۔ بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ پارلیمنٹ کے سامنے یہ بات آئے کہ اس سال پارلیمنٹ کے سامنے کیا مسائل ہیں اس کے لئے لیجسلیٹو پروگرام کیا ہو گا۔ گورنمنٹ کی پالیسی کیا ہے۔ فنانشل aspects کیا ہیں۔ ایڈمنسٹریٹو معاملات کیا ہیں یہ چار ایریاز ہیں جن پر اس خطاب کو محیط ہونا چاہئے اور صدر اس سے deviate کر سکتا ہے مگر کچھ حدود کے اندر رہ کر۔ لیکن اس کو نظر انداز کر کے نہیں کونسل آف منسٹرز کی تجاویز کو totally نظر انداز کر کے اگر وہ کوئی بات اپنی طرف سے لانا ہے تو وہ پھر Presidential Address نہیں ہے اور میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اس دستور میں اس کی گنجائش بھی موجود ہے۔ صدر Presidential Address کے علاوہ جب چاہے اس ہاؤس کو پیغام

[Prof. Khurshid Ahmed]

بھیج سکتا ہے گویا کہ کوئی اہم بات اس کی نگاہ میں ہو اور وہ چاہتا ہے کہ پارلیمنٹ اس پر غور کرے تو وہ message کے ذریعے بھیج سکتا ہے۔ دروازہ اس کے لئے کھلا ہے۔ دوسری بات یہ کہ Annual Address کے علاوہ اسی دستور کے تحت دو کلازز میں پہلے صدر کو یہ اختیار دیا گیا ہے جو اختیاری ہے لازمی نہیں ہے وہ اگر چاہے تو سپیشل سیشن سمن کر سکتا ہے الگ الگ سینیٹ واسمبلی کا یا دونوں کا مشترکہ اور اگر فی الحقیقت کوئی اہم مسئلہ ہو جو صدر قوم کے سامنے اور پارلیمنٹ کے سامنے لانا چاہتا ہو تو اس کے لئے بھی دستور میں گنجائش موجود ہے لیکن جہاں تک اس ایڈریس کا تعلق ہے یہ ہے Obligatory Address اور اس معاملے میں ایک نہیں متعدد رولنگز کورٹس تک کی موجود ہیں کہ اگر پارلیمنٹ میں یہ Obligatory Address نہ ہو اور اس کے بغیر پارلیمنٹ کوئی دوسرا کام کر لے تو وہ کام illegal ہو جاتا ہے کیونکہ یہ خاص خطاب ہے اس خطاب کو ان حدود سے ہٹ کر استعمال کرنا میں سمجھتا ہوں کہ درست نہیں ہے میرا تاثر یہ ہے کہ اس وقت یہ غلطی ہوئی یعنی صدر کے لئے اس بات کا پورا امکان موجود ہے وہ جب ضرورت محسوس کرے جس طرح چاہے خطاب کر سکتا ہے message بھیج سکتا ہے اور پارلیمنٹ ہمیشہ اسے welcome کرے گی۔ لیکن اس خطاب کا جو اصل فنکشن تھا وہ فنکشن پورا نہیں ہوا۔

جناب والا! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ پارلیمانی روایات میں ہمیں ایسی صورت بھی ملتی ہے کہ جب ہیڈ آف دی سٹیٹ یا ہیڈ آف دی فیڈریشن نے اس سے deviate کیا تو اس کا نوٹس لیا گیا ہے مثال کے طور پر Kaul کی کتاب میں صفحہ ۱۶۵ پر ہمیں یہ مثال ملتی ہے کہ ۱۹۶۹ء میں پنجاب کے گورنر نے

Prepared Speech کی اس میں ایسی تبدیلیاں کیں جنہوں نے اس کے
کریکٹر کو متاثر کر دیا اس کے بارے میں سنٹرل ہوم منسٹر کہتا ہے . . . .

Address of the Head of the State is a public declaration of a policy that the Government wants to follow in the coming year. The Address is supposed to look to the future and to the present but the two parts try to interpret history.

اور اس interpretation of history کا نوٹس لیا گیا نہ صرف
نوٹس لیا گیا بلکہ امنڈمنٹ کے ذریعے سے اس ایڈریس میں اس بات کا اضافہ
کیا گیا جو میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں ۔

The Punjab Government while delivering his addres to both the Houses of Legislative Assembly together on March 14, 1969, read out the passages which were critical of the action of the Government during the last year or so. On March 21, the Punjab Legislative Council adopted an amendment by the Congress opposition to the official motion of thanks of the Governor's Address. The amendment regretted that

"The observations made in para 4 of the Address regarding the violation of the Constitutional provisions and Parliamentary conventions at the time of passing of the budget for the year 1968-69 are contrary to the admitted facts. The budget was passed in accordance with the provisions of the Ordinance promulgated by him the Governor.

[Prof. Khurshid Ahmad]

giving his assent to the Appropriation Bill the Governor became as much a party to the passing of the budget as the two Houses of legislature. These observations amount to such contradictions which he should have been pleased to avoid making in his Address, particularly, when they are also against the findings of India."

تو جناب والا! یہ ریکارڈ بھی موجود ہے کہ اگر سربراہ ریاست یا سربراہ مملکت اپنے ایڈریس میں ان روایات سے ہٹتا ہے اور کوئی ایسی چیز کہتا ہے جو وہاں نہیں ہونی چاہیئے تو اس کا نوٹس لیا جاتا ہے۔ اس کا نوٹس لیا جانا چاہیئے اور میں بھی اس وقت اسی کا نوٹس لینے کی کوشش کر رہا ہوں۔

جناب والا! اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس خطاب میں شریعت بل اور نفاذ شریعت کے مسئلے کو بڑے عجیب سے انداز میں لیا گیا ہے جس میں کچھ factual errors ہیں دو بار یہ کہا گیا ہے کہ نواں ترمیمی بل یہ شریعت بل ہے جسے عرف عام میں شریعت بل کہا جاتا ہے جو نفاذ شریعت کے لئے آیا ہے۔ جناب والا! یہ صریح طور پر اس پارلیمنٹ اور عوام کو ایک ایسا تاثر دینا ہے جو حقیقت پر مبنی نہیں ہے دستور کا نواں ترمیمی بل آٹھویں دستوری بل کے تتمے کے طور پر نیشنل اسمبلی اور سینیٹ میں اپوزیشن اور وزیر اعظم کی اتفاق رائے سے طے ہوا اور اس کا مقصد جو ہم آٹھویں ترمیمی بل میں نظریاتی amendments لائے تھے اور جن نظریاتی amendments کو نیشنل اسمبلی اور سینیٹ میں میں اور میرے رفقاء نے موو کر دیا تھا ان کو ہم نے اس ضمانت پر withdraw کیا تھا کہ نواں دستوری بل اسی سیشن میں اسمبلی اور سینیٹ میں پاس کر دیا جائے گا اس کا

کوئی تعلق اس شریعت بل سے نہیں تھا جو comprehensive بل پرائیویٹ ممبرز لائے محترم قاضی عبداللطیف صاحب اور مولانا سمیع الحق صاحب اس کے محرک ہیں میں اور میرے دوسرے ساتھی اس کے موئید ہیں اور اس شریعت بل کا مقصد ملک میں مکمل طور پر شرعی نظام کا نفاذ ہے اس کا مقصد ملک کی تمام عدالتوں کو شریعت کا پابند بنانا ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ قانون سازی کے ذریعے آپ شریعت کو enact نہ بھی کر پائیں تب بھی شریعت اس ملک کا قانون بن جائے اور عدالتیں اس کے مطابق فیصلے کرنے لگیں - یہ وہ بل ہے جسے شریعت بل کہا جاتا ہے - لیکن صدر محترم نے غالباً کسی غلط فہمی کی بنا پر 9th Constitutional Amendment اور شریعت بل دونوں کو confuse کر دیا اور لوگوں کو یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ گویا کہ دستور کا نواں ترمیمی بل جو ہے ، وہی شریعت بل ہے ، حالانکہ یہ حقیقت نہیں ہے - یہ ایک basic factual error ہے جس کی میرے خیال میں ضرور تصحیح ہونی چاہیئے اور پارلیمانی روایات کے اندر یہ بات موجود ہے کہ factual errors کو amendments کے ذریعہ سے صدارتی خطاب کے اندر تبدیل کیا گیا ہے حتیٰ کہ برٹش پارلیمنٹ میں بھی یہ چیز ہو چکی ہے -

جناب والا! میں یہ بات بھی اس سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں اگرچہ یہ اس حکومت کے سوچنے کا مسئلہ ہے لیکن میں نے ایک ممبر آف پارلیمنٹ کی حیثیت سے ، سینیٹ کے رکن کی حیثیت سے اور دستور کے ایک طالب علم کی حیثیت سے ، اس میں جو حقیقت سے departures تھے، ان کی نشاندہی کر دی ہے - یہ ان کا کام ہے کہ یہ اس پر کیا ایکشن لیتے ہیں اور آپ

[Prof. Khurshid Ahmad]

کو معلوم ہے کہ کم از کم برطانوی تاریخ میں Lord Bedvin کی جو گورنمنٹ تھی جو ۱۹۲۳ میں collapse ہوئی تھی، وہ vote of thanks ہی کے سلسلے میں ایک amendment کی بنیاد پر ہوئی تھی۔ یہ اب ان کا کام ہے، میرا کام نہیں ہے لیکن میں یہ بات ضرور کہنا چاہتا ہوں کہ صدر محترم نے موجودہ حکومت کی کارکردگی کا جو جائزہ لیا ہے، اور اسلام کے ساتھ جو سلوک اس دور میں ہو رہا ہے، اور جس میں میری نگاہ میں حکومت اور صدر صاحب میں کوئی فرق نہیں، وہ اس حکومت کا حصہ ہیں۔ خواہ وہ کیبنٹ کے فیصلے ہوں، خواہ وہ لیجسلیشن ہو Government in power صدر، وزیراعظم دونوں پر مبنی ہے۔ کیبنٹ کے جو بھی فیصلے ہیں، اس دستور کے تحت ان کو صدر re-consider کرنے کے لئے واپس بھیج سکتا ہے اور اگر وہ نہیں بھیجتا تو اس کے معنی یہ ہیں کہ وہ بھی ان کا اتنا ہی ذمہ دار ہے جتنا کوئی اور ہے، اور اس پہلو سے میں یہ کہنا چاہتا ہوں، کہ اسلام کے ساتھ جو مذاق یہاں کیا جا رہا ہے، شریعت کی نفاذ کی راہ میں جو رکاوٹیں حائل کی جا رہی ہیں، ان کی ذمہ داری، دونوں پر ہے۔ حکومت کو عوام کے ساتھ اس سلسلے میں جواب وہی کرنا ہوگی۔ اور یہ بھی نہ بھولیں کہ ایک دن اللہ کے سامنے بھی انہیں بالآخر اس کا جواب دینا پڑے گا کہ اس معاملے میں کیا کھیل کھیلا جا رہا ہے۔ ہم نے قوم کے ساتھ کیا وعدے کئے ہیں اور کیا ہمارا عمل ہے۔ میں اس سے پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور اب بھی کہہ رہا ہوں، کہ نویں دستوری بل کے بارے میں جو دعوے وزیراعظم صاحب نے کئے، اس وقت کے آفیشل پارلیمانی گروپ نے کئے، ان کی وعدہ خلافی کی گئی،

اس ایوان سے پاس ہوئے اس بل کو اب ڈیڑھ سال کا عرصہ ہو گیا ہے لیکن ان حضرات نے اس بات کی کوئی کوشش نہیں کی اگر اللہ کی خاطر نہیں تو کم از کم پارلیمانی روایات کا پاس کرتے ہوئے جو وعدہ انہوں نے کیا تھا اُسے پورا کرنے کے لئے اسے پاس کر دیتے ۔

شریعت بل کا جو حشر کیا ، وہ سب کے سامنے ہے ۔ پہلے اس میں تاخیر کرنے کی کوشش کی گئی ۔ اسے سبوتاژ کرنے کی کوشش کی گئی ، جب اس میں ناکام رہے تو پھر یہ ان کے لئے مصیبت بن گیا اور "اتوار" کا دن سینیٹ میں ان کے لئے یوم الموت معلوم ہوتا تھا ۔ کوشش یہ کرتے تھے کہ کسی طرح سے اسے avoid کیا جائے اور بالآخر avoid کرنے کا یہ راستہ نکالا کہ یہ بل ایک کمیٹی کے سپرد کر دیا جائے ، آپ کے رولز یہ کہتے ہیں کہ ہر کمیٹی کی ذمہ داری یہ ہے کہ ایک مہینے کے اندر وہ اپنی رپورٹ پیش کر دے اور اگر نہیں کر سکتی ہے تو یہ کمیٹی ایوان کے سامنے اس کی وجوہ بتائے ۔ اس بل کے محرکین بھی اور موئیدین بھی ، ہم چاروں نے اس کمیٹی سے اپنے عدم تعلق کا اسی وقت اعلان کر دیا تھا اور اس کے بعد لکھ کر سینیٹ سیکرٹریٹ کو دے دیا لیکن پھر بھی آج تک ہمارا نام فہرست میں آتا ہے ، اور نہ ہی اس کی کوئی میٹنگ ہوئی ہے ، ہم اگر اس میں شامل نہیں ہیں تو آپ خود میٹنگ کیجئے ، ہم اس میں نہیں آتے یہ صحیح ہے لیکن آپ کو کس نے روکا ہے ، کورم آپ کے پاس ہے ، آپ میٹنگ کیجئے ، رپورٹ سامنے لائیے ۔ ہم آپ کے اس رویہ کو غلط سمجھتے ہیں ، اور اس میں تعاون نہیں کریں گے ، نہیں کریں گے ، نہیں کریں گے ۔ لیکن ان چار

[Prof. Khurshid Ahmad]

آدمیوں کے بغیر بھی آپ کی کمیٹی موجود ہے آپ اپنے ضوابط کے مطابق کام کیجئے، مگر اس کمیٹی کو بنے ہوئے آج پانچ مہینے ہو گئے لیکن صورت حال یہ ہے کہ کوئی چیز ایوان کے سامنے نہیں آئی ہے۔ اس بارے میں یہ آپ کا ریکارڈ ہے۔

اسلامک آئیڈیالوجی کونسل تین، سوا تین سو قوانین کے سلسلے میں آپ کو chapter and verse, concretely, کے ساتھ بتا چکی ہے کہ ان قوانین میں فلاں فلاں دفعات خلاف شریعت ہیں، ان کے مقابلے میں یہ یہ amendments آنی چاہئیں۔ اس پورے مواد کو پارلیمنٹ کے کے سامنے آئے ہوئے دو سال تین مہینے ہو گئے ہیں لیکن آپ ایک بل بھی نہیں لائے جس کے ذریعہ سے ان قوانین میں آپ ترمیم کر سکتے اسلامک آئیڈیالوجی کونسل نے کم از کم ۹ مثبت اسلامی قوانین کے نئے مسودے دیئے ہیں جن میں سے ایک ۱۹۷۹ میں دیا گیا تھا، اور وہ اسلام کا اہم قانون نفقہ ہے جس کی رو سے اس ملک کے غریب انسان کے لئے جس کا کہ کوئی کفیل نہ ہو، کس طرح خاندان کے نظام کے اندر جینے، پلنے، بڑھنے کے مواقع فراہم کئے، پورا مسودہ قانون، ۱۹۷۹ میں بنا کر آئیڈیالوجی کونسل نے دیا لیکن آج تک اس کی قانون سازی نہیں ہو سکی ہے ہم مطالبہ کر رہے ہیں کہ آپ نے اکنامکس کے اندر جو نام نہاد اسلامی اصلاحات کی ہیں اور یہ کہا ہے کہ ہم نے سود کو مٹا دیا ہے، آج تک آپ نے سود کو define نہیں کیا۔ سود کو غیر قانونی چیز قرار نہیں دیا۔ حالانکہ یہ بات بے حد ضروری ہے کہ آپ اس نظام کے تحت legal basis provide کریں، جو کہ آج تک فراہم نہیں کئے گئے ہیں۔ میں جناب پچیس مثالیں دے سکتا ہوں، فیڈرل شریعت کورٹ ۲۰ کے

قریب قوانین کو ، اسلام کے خلاف قرار دے چکی ہے ، جن میں سے غالباً تیئس بتیس کے خلاف آپ سپریم کورٹ میں چلے گئے ہیں ، اور باقی پنڈنگ ہیں ۔ یہ ہے آپ کا ریکارڈ اسلام کے بارے میں۔

اسلام ایک منصفانہ معاشرہ چاہتا ہے ، اسلام مخلوط معاشرہ اور مخلوط زندگی نہیں چاہتا ، اسلام یہ چاہتا ہے کہ آپ قوم کے اخلاقی مزاج کو بہتر بنائیں، آپ سماجی برائیوں کو دور کریں ، آپ معاشرہ کو فحاشی سے پاک کریں ۔ ان چیزوں کے لئے کسی کمیشن کی ضرورت نہیں ہے ، ان چیزوں کے لئے کسی فلسفی کی ضرورت نہیں ہے ۔ یہ وہ چیزیں ہیں جنہیں ایک عام انسان بھی جانتا ہے ، مجھے بتائیے کہ ان چیزوں کی اصلاح کے لئے آپ نے کیا کیا ہے ، پھر آپ کہتے ہیں کہ آپ اسلام کے بارے میں مخلص ہیں اور اسلام ہی ہماری پالیسی ہے ، یہ تو بالکل آپ ایسے ہی کہہ رہے ہیں جیسے پیپلز پارٹی بھی کہا کرتی تھی کہ جمہوریت ہماری سیاست ہے اور سوشلزم ہماری معیشت ہے ، اور اسلام ہمارا دین ہے ، اس میں اور آپ میں پھر کیا فرق رہا ۔ جناب والا : اسلام کے بارے میں ہمارا جو رویہ ہے ، میں ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کے بارے میں مکمل احتساب ہو کیونکہ یہ حکومت اس پہلو سے ناکام رہی ہے ، اور اس میں حکومت اور صدر مملکت ، دونوں ذمہ دار ہیں ۔

جناب والا ! دوسرا اہم ایشو جو اٹھایا گیا ہے وہ غیر جماعتی نظام کو جماعتی نظام میں تبدیل کرنا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کام ، دستور کے تحت ، دستور کے توسط سے آپ کے سامنے ہے جس طرح کہ یہ پولیٹیکل پارٹیز کو provide کرتا ہے ۔ پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ اس ایوان نے منظور کیا ہے اور صدر نے اسے assent دی ہے ، یہ سارا process قاعدے اور قانون

[Prof. Khurshid Ahmed]

کے مطابق ہوا اور میری نگاہ میں ایک صحت مند اور مفید اور لائق تحسین عمل ہے لیکن تقریر میں جو باتیں ہیں ان کے مطابق ، اس تبدیلی کو قبول کرنا ظاہر نہیں ہوتا ہے بلکہ اس تبدیلی کو ایک انحراف کے انداز میں پیش کرتا ہے ، یہ بات بھی میری نگاہ میں قابل گرفت ہے اور میں اس پر اپنے احتجاج کا اظہار کرتا ہوں ۔

جناب والا ! بلدیاتی انتخابات کا بھی مسئلہ زیر بحث آیا ہے اور بلاشبہ بلدیاتی انتخابات بڑا اہم کنٹربیوشن ہے ، پچھلے سالوں میں تین بار ان انتخابات کا ہو جانا ایک قابل قدر چیز ہے لیکن ساتھ ہی مجھے یہ بات بھی کہنے دیجئے کہ جس طرح یہ انتخابات اس زمانے میں ہوئے ، انہوں نے بدعنوانی اور interference کے پچھلے تمام ریکارڈ کو مات کر دیا ہے ۔ صرف rigging اور پیسے کا چلنا ، ایسی باتیں ہیں کہ حقیقتاً ہمیں یہ باتیں کہتے ہوئے شرم آتی ہے کہ ہم انتخاب کے ذریعہ سے جیت کر آئے ہیں ۔ اس لئے کہ انتخاب کے ساتھ ہی ایک عام آدمی کے ذہن میں یہ بات آتی ہے کہ کس طرح ووٹوں کی خرید و فروخت ہوئی ، خواہ وہ لوکل باڈیز کے انتخابات ہوئے ، خواہ وہ سینیٹ کے انتخابات ہوئے میں اس پوزیشن میں نہیں ہوں کہ کسی بات کو دستوری اور عدالتی انداز میں ثابت کر سکوں لیکن عوام کا impression عوام کا تأثر بڑی اہم چیز ہے ، اسے ہم نظر انداز نہیں کر سکتے ۔ لوگوں نے اپنی آنکھوں سے لال اور سبز نوٹوں کو چلتے دیکھا ہے ۔ اگر یہ طریقہ آپ نے اختیار کر لیا تو مجھے معاف کر دیجئے اگر میں یہ کہوں کہ وہ "سیڑھی" نہ اوپر والے کی رہے گی اور نہ نیچے والے کی رہے گی " وہ سیڑھی " ہی خطرے میں ہے ۔ اگر اس " سیڑھی " کی حفاظت ہم چاہتے ہیں تو ہمیں انتخاب کے طریقہ کو بدلنا ہو گا ۔ انتخاب کو بدعنوانیوں سے بچانا ہو گا ، ۔ پھر کس طرح ایڈمنسٹریشن نے اس میں interfere کیا ،

فیصلے بظاہر ووٹرز نے کئے، لیکن فی الحقیقت اے سی اور ڈی سی، تھانیدار، ڈی ایس پی اور معاف رکھیں، اس کے اوپر وزیر، وزیراعلیٰ، یہ وہ افراد تھے جو فیصلے کر رہے تھے۔ اور جب کوئی کسر باقی رہ گئی تو ایک صوبے میں قانون کو بدل کر secret ballot کے تصور کو ختم کر دیا گیا۔ اور Mayor کے انتخاب کے لئے چیئرمین کے انتخاب کے لئے show of Rands کا طریقہ introduce کیا گیا۔ گویا کہ پھر آپ ۵۰ سال پیچھے تشریف لے جا رہے ہیں۔ تو جناب والا! اس انداز کے بلدیاتی انتخابات کوئی قابل فخر چیز نہیں ہے۔ اس طرح آپ اس institution کو تباہ کر رہے ہیں جو ایک مفید ادارہ ہے جو جمہوریت کی بنیاد ہے۔ جس کے ذریعے سے لوگوں کو آگے بڑھنے کی تربیت ملتی ہے۔

جناب والا! علاقائی عصبیت کی بات کی گئی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ ہمارا دل خون کے آنسو روتا ہے وہ پاکستان جو علاقائی عصبیت کے خلاف ایک اعلانِ جہاد تھا جس میں ہم نے اس بات کا انکار کیا کہ علاقائی بنیاد پر ہم ایک قوم نہیں ہیں۔ آخر کانگریس کی پوری strategy territorial nationalism ہی کی تھی لیکن ہم نے اس سے بغاوت کی اور کہا کہ ہماری قومیت اور ہماری اجتماعیت کی بنیاد ایمان ہے، دین ہے، عقیدہ ہے، نظریہ ہے، اخلاق ہے، ہمارا تصور حیات یہ ہے۔ لیکن آج ہم جس طرح عصبیتوں میں بٹے ہوئے ہیں اور جس طرح ایک دوسرے کا خون بہا رہے ہیں اس بات کا تصور نہیں کیا جا سکتا تھا کہ مسلمان عصبیت کی خاطر مسلمان کا گلا کاٹیں گے لوگوں کے لئے ایک محلے میں رہنا ممکن نہیں رہے گا یہ کیفیت

[Prof. Khurshid Ahmad]

آج پیدا ہوئی ہے۔ اور مجھے معاف رکھا جائے اگر میں یہ کہوں کہ اس کیفیت کے پیدا کرنے میں ہماری پالیسیاں، حکومت کے ذمہ دار افراد کا ذاتی رول بھی اتنا ہی ذمہ دار ہے جتنا ہمارے مخالفین اور ہمارے دشمنوں کی کوششیں۔ میری نگاہ میں جناب والا! اس کی پہلی بنیاد وہ حقیقی ناانصافیاں وہ محرومیاں اور وہ حقیقی مسائل ہیں جن کو ہم نے مسلسل نظرانداز کیا۔ اور جب ہم انہیں نظرانداز کرتے ہیں تو پھر دوسرے تصورات رکھنے والے دشمن انہیں exploit کرتے ہیں۔ اور اس میں پھر اچھے اور برے سب بہہ جاتے ہیں۔ اور پھر عصبیت ایک ایسی چیز بن جاتی ہے جہاں عقل کام نہیں کرتی۔ دوسری بات جناب والا! اس کی بنیادی وجہ لوگوں میں sense of participation کی کمی ہے اور میں یہ بات برملا کہنا چاہتا ہوں کہ اس معاملے میں گو ہمارا جمہوری دور بھی کوئی بہت قابل فخر نہیں لیکن مارشل لاء کے دور میں تو رہی سہی کسر بھی پوری ہوگئی اسلئے کہ مارشل لاء کے دور میں سب سے زیادہ sense of participation سے انسان محروم رہتا ہے۔ اور خصوصیت سے چھوٹے صوبوں میں، بلوچستان میں سندھ میں، sense of participation کی کمی کا احساس زیادہ پایا جاتا ہے یہی وجہ تھی کہ مشرقی پاکستان کو ہم سے جدا کیا گیا۔ ٹھیک ہے وہاں دشمن کی کوششیں بھی تھیں ہندوستان کی intervention بھی تھی لیکن کچھ ہماری غلطیاں بھی تھیں لیکن ہم نے ان سے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ اور آج یہاں وہی چیز repeat کی جا رہی ہے

جناب والا! میری نگاہ میں اس کا تیسرا سبب یہ ہے کہ ہم نے اپنے اپنے نظریئے سے انحراف کیا ہے بے وفائی کی ہے جس کے نتیجے کے طور پر وہ خلاء پیدا ہوا اگر ہم اسلامی نظام کو لاتے، اگر اسلام کے دیئے ہوئے انصاف کو لوگوں تک پہنچاتے، اگر ہم لوگوں کی ضرورتوں کا احساس رکھتے اور ان کی خدمت کرتے تو پھر یہ عصبیتیں کیسے پیدا ہو سکتی تھیں۔ لیکن اسلام سے انحراف، اسلام کا تمسخر، گویا اسلام کو ہم نے ایک ملازم بنا لیا ہے۔ جس وقت ہمیں کسی خدمت کی ضرورت ہوتی ہے تو اسے بلا لیتے ہیں۔ اور جب اس ملازم کی ہمیں ضرورت نہیں ہے تو پھر جو ہم چاہتے ہیں آقا کی خاطر کرتے ہیں۔ اس طرح اسلام ہمارے مسائل کو حل نہیں کر سکتا۔

اور جناب والا! چوتھی وجہ میں سمجھتا ہوں کہ جو بڑی serious ہے اور اس بات کا میں مطالبہ کرتا ہوں کہ impartial investigation ہونی چاہیئے کہ اس ملک میں پچھلے تین سالوں میں علاقائی عصبیتوں کو پروان چڑھانے میں حکومت اور اس کے ذمہ دار افراد کا بڑا ہی گھناؤنا رول رہا ہے۔ مجھے بتایئے کہ جب دریائے جہلم کے پانی پر خواہ اس کی quantity کم ہوتی ہے یا اسے divert کیا جاتا ہے بجائے اس کے کہ facts کے طور پر پیش کیا جائے پنجاب اور سندھ کیوں ایک دوسرے سے نبرد آزما ہو جاتے ہیں کیوں گالم گلوچ ہوتی ہے کیوں وزراء ایک دوسرے کے خلاف بیان دیتے ہیں کیوں وزرائے اعلیٰ ایک دوسرے کے خلاف بولتے ہیں۔ اسمبلیاں ریزولیوشن پاس کر دیتی ہیں۔ کالا باغ کے مسئلے کو لیجئے، یہ کوئی آج تو نازل نہیں ہو گیا، تیس پینتیس سال سے ہم اس کے اوپر غور کر رہے ہیں۔ ایک ٹیکنیکل مسئلہ ہے اس کو اپنے حقائق اور ٹیکنیکل facts کی بنیاد پر assess

[Prof. Khurshid Ahmad]

ہونا چاہئے۔ لیکن ہم نے اس کو ایک سیاسی فٹ بال بنا لیا اور اس کے نتیجے کے طور پر عصبیتیں بیدار کی جا رہی ہیں کانفرنسیں کی جا رہی ہیں ایک وزیر اعلیٰ کہتا ہے کہ ہم کالا باغ ڈیم کو ہرگز نہیں بننے دیں گے۔ دوسرا وزیر اعلیٰ کہتا ہے کہ کالا باغ ڈیم بن کر رہے گا۔ ایک اسمبلی کہتی ہے کہ کالا باغ ڈیم میں پاکستان کی نجات ہے اور دوسری کہتی ہے کہ اس کے نتیجے کے طور پر سندھ قبرستان بن جائے گا۔ جناب والا! یہ آوازیں کہیں باہر سے نہیں آ رہی، یہ کابل اور ماسکو سے نہیں آ رہی ہیں۔ یہ آپ کے وزراء، اور وزرائے اعلیٰ اور وہ اسمبلیاں جن میں آپ کو اکثریت حاصل ہے ان سے اُٹھ رہی ہیں اور اس کے بعد آپ کہتے ہیں کہ عصبیتیں حدود سے آگے بڑھ گئی ہیں اور یہ ملک کو پھاڑ دیں گی۔ یہ کس کی ذمہ داری ہے؟ میری نگاہ میں جناب والا! حکومت کو جواب دینا ہوگا عصبیتوں کے بارے میں اپنے پورے اس کردار کا؟۔

جناب والا! بڑی عجیب بات ہے کہ نہ اس حکومت کی آئندہ کی کسی قانون سازی کے بارے میں اس ایڈریس میں کوئی پروگرام دیا گیا ہے اور نہ ملک کے معاشی مسائل کے بارے میں کوئی لفظ کہا گیا ہے ایک passing reference مہنگائی اور دوسرے معاملات کے بارے میں دیا گیا ہے حالانکہ آج ملک شدید معاشی مسائل سے دوچار ہے بیروزگاری کا مسئلہ اس ملک میں اس مقام پر پہنچ گیا ہے جہاں 17، 18 فیصدی لوگ بیروزگار ہیں۔ جہاں educated unemployment ایک explosive position اختیار کر گئی ہے۔ علاقائی عصبیتوں کو پروان چڑھانے میں بھی اس کا بہت بڑا دخل ہے کہ نوجوان تعلیم حاصل کرنے کے بعد روزگار حاصل نہیں کر پاتے۔

میں جناب والا! آپ سے کس طرح کہوں کہ میرے پاس ایک دو نہیں سینکڑوں نوجوان آتے ہیں جن کے پاس فرسٹ کلاس ڈگری ہوتی ہے جنہوں نے۔ ایم، بی، ایس کیا ہے۔ جنہوں نے ماسٹرز ڈگری فرسٹ کلاس میں حاصل کی ہے، جنہوں نے ایل، ایل، بی اور ایل، ایل، ایم کیا ہے اور تین تین سال سے چار چار سال سے وہ ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ انہیں ملازمتیں نہیں ملیں۔ ہم خود وزیروں کے پاس بھیجتے ہیں لیکن وہاں پر پھر مسلم لیگ اور دوسری جماعتوں کا فرق آجاتا ہے۔ جو درخواست ایک خاص دروازے سے آئے تو شائد اس کی کچھ پذیرائی ہو باقی کے دروازے بند ہیں۔ لیکن جناب والا! یہ دروازے بند کرکے آپ قوم اور ملک کو انقلاب کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ آپ نفرتوں کو پروان چڑھا رہے ہیں۔ آپ لوگوں میں یہ احساس پیدا کر رہے ہیں کہ اس ملک میں ہمارا مستقبل نہیں ہے۔ لیکن اس ایڈریس میں ہمیں کوئی چیز نہیں ملتی کہ اگلے سال حکومت کی کیا پالیسی ہوگی۔

ساتواں منصوبہ دستک دے رہا ہے اس کے بارے میں مختلف کمیٹیاں کام کر رہی ہیں اور پہلی جولائی سے اسکو introduce ہونا چاہئے۔ اسے ملک کی زندگی میں بڑا اہم رول ادا کرنا ہے اور یہ claim کیا جا رہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں یہ پہلا منصوبہ ہے جو جمہوری حکومت بنا رہی ہے۔ حالانکہ میری نگاہ میں یہ دعویٰ غلط ہے اس لئے کہ ۱۹۵۵ء کا جو پہلا منصوبہ تھا وہ ایک ڈیموکریٹک حکومت نے بنایا تھا۔ لیکن اس ایڈریس میں کوئی ذکر اس کا نہیں ہے۔ ملک میں جو ناانصافیاں پائی جاتی ہیں معاشی، انفرادی ملکیت کے بارے میں صاف نظر آرہا ہے کہ عدم مساوات برابر

[Prof. Khurshid Ahmad]

بڑھ رہی ہے جس سے مزید پیچیدگیاں اور نفرتیں پیدا ہو رہی ہیں لیکن یہ سارے مسائل ہیں۔

economic issues, domestic indebtedness, international indebtedness

اور اس وقت عالم یہ ہے کہ internationally ساڑھے گیارہ بلین ڈالر کے آپ مقروض ہیں اور اگر domestic قرضوں کو آپ لیں جس پر کہ آپ کا سارا نظام حکومت چل رہا ہے تو ۷۵۰ بلین روپے کے domestic قرضے ہیں جو آپ لے چکے ہیں سوال یہ ہے کہ کیا اس انداز میں آپ اس نظام کو چلا سکیں گے یہ معیشت کہاں جا رہی ہے لیکن جناب والا! اس معیشت کے مسائل کا کوئی ذکر کوئی احساس اس ایڈریس میں ہمیں نظر نہیں آ رہا۔

جناب والا! میں تعلیم کے مسئلے کی طرف بھی آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ تعلیم اس ملک کا سب سے بنیادی مسئلہ ہے جو آج تعلیم کا برا حال ہے پہلے کبھی اتنا خراب نہیں ہوا تھا۔

؏ جیسی اب ہے تیری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی

عالم یہ ہے کہ آج طالب علم examination hall میں بیٹھ کر کے اپنا یہ حق منواتا ہے کہ ہمیں نقل کرنے کا موقع دیا جائے۔ اور اگر ہمیں نقل نہیں کرنی دی جائے گی تو ہم سٹرائیک کر دیں گے۔ لڑکے اور لڑکیاں یہ مطالبہ کرتے ہیں۔ غضب ہے کہ میڈیکل کے تھرڈ اور فورتھ ائیر کے سٹوڈنٹس جنہیں کل میری اور آپ کی زندگی سے کھیلنا ہے وہ یہ مطالبہ کرتے ہیں اگر ہمیں examination کا نقل کرنے کا موقع نہیں دیا گیا تو ہم

بائیکاٹ کر دیں گے یونینوں کو آپ نے ختم کر دیا حالانکہ وہ تعلیمی زندگی کے لئے بڑا اہم ادارہ تھا اس سے آپ نے کیا حاصل کیا! ماضی کے مقابلے میں 5 گنا زیادہ تشدد اور قتل و غارت ہو رہی ہے سال میں کتنے دن آپ تعلیم دے رہے ہیں اپنے تعلیمی اداروں کے اندر؟ ordinarily آٹھ مہینے تعلیم کے لئے ہوتے ہیں لیکن آج عالم یہ ہے کہ دو اور تین مہینے سے زیادہ کسی مقام پر تعلیم فراہم نہیں کی جا رہی۔ جو امتحان لڑکے پانچ سال میں پاس کرتے تھے اس کے لئے انہیں سات سال صرف کرنے پڑ رہے ہیں یہ تعلیمی کیفیت ہے۔ آپ نے طے کیا تھا کہ ہم ایسے قومی تعلیم بنائیں گے۔ پاکستانیت پیدا کریں گے۔ اسلام کی بنیاد پر نظام تعلیم بنائیں گے۔ قومی زبان کو اس کے لئے استعمال کریں گے۔ لیکن بیچ میں اسے بھی ہائی جیک کر لیا گیا۔ پہلے آپ نے پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے لئے دروازہ کھولا کہ جو چاہے پرائیویٹ تعلیمی ادارہ بنا سکتا ہے کوئی اس کے لئے قانون نہ بنایا کوئی ضابطہ نہ بنایا کوئی سٹینڈرڈ نہ رکھا prior permission حاصل کرنے کا کوئی قانون نہ بنایا۔ پھر کہا کہ اب تو پانچ ہزار ایسے ادارے بن چکے ہیں، ہم کیا کریں؟ مجبور ہیں۔ پھر آپ نے خاموشی سے ایک اور ترمیم کر دی کہ یہ تعلیمی ادارے، ضروری نہیں ہے کہ پاکستان کے نظام امتحانات سے وابستہ ہوں۔ ان کا قبلہ کیمبرج، لندن، سنگاپور ہو سکتا ہے۔ او، لیول، اے، لیول کا دروازہ آپ نے کھول دیا۔ نتیجہ یہ ہے کہ نصاب، کتب، تعلیم وہ سب کی سب ان اداروں میں اس انداز میں ہو رہی ہیں۔ جس میں آپ کل کے پاکستانی شہری تیار نہیں کر سکتے۔ آپ وہ لوگ تیار کر رہے ہیں۔ جن

Prof. Khurshid Ahmad]

کی نگاہیں، جن کی تمنائیں، جن کی آرزوئیں دوسرے تمدنوں سے وابستہ ہوں گی۔ اور پھر جناب والا! ایک تبدیلی آپ نے اور کر دی۔ وہ یہ کہ قومی تعلیمی نظام کے اندر بھی آپ چاہیں تو اردو میں پڑھائیں چاہیں تو انگریزی میں پڑھائیں، گویا کہ وہ ساری پالیسی جو ۷۹ء میں بنی تھی اور جس کے بنانے والے میرے محترم بھائی محمد علی ہوتی صاحب ہمارے درمیان موجود ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں نور خان رپورٹ کے بعد یہ سب سے اچھی پالیسی تھی۔ لیکن اس پالیسی کے بخیئے ادھیڑ دیئے گئے۔ اسے دفن کر دیا گیا اور نتیجہ یہ ہے کہ تعلیم آج اس ملک کے ماحول، اس ملک کی ضرورتوں اس ملک کے معیار سے کوئی نسبت نہیں رکھتی۔ جناب والا! اس تعلیم کا اور اس تعلیمی مسئلے کا کوئی شعور میں اس ایڈریس کے اندر نہیں پاتا۔

جناب والا! میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ یہ وہ سال ہے جس میں دستوری تقاضے کے طور پر قومی زبان کو تمام سرکاری معاملات میں استعمال ہونا چاہیئے۔ لیکن حکومت نے اس سلسلے میں کیا کیا ہے۔ میں یہ توقع رکھتا تھا کہ اس ایڈریس میں یہ کہا جائے گا کہ ہم ان دستوری تقاضوں کو پورا کر رہے ہیں۔ لیکن مجھے حقیقت یہ نظر آتی ہے کہ یا دستور کا

ہوگا یا کوئی ترمیم لائی جائے گی۔ لیکن چالیس سال ہوگئے ہیں اور آج بھی ہم ایک بیرونی زبان کی غلامی میں مبتلا ہیں اور جب تک اس غلامی سے ہم اپنے آپ کو آزاد نہیں کرتے ہمارے ذہن غلام رہیں گے، ہماری روح غلام رہے گی، ہماری آنے والی نسلیں غلام رہیں گی۔ اس آزادی کو حاصل کرنا ہمارے لئے ضروری ہے۔ اس کے قومی زبان کا استعمال اور دستوری تقاضوں کو پورا کرنا ضروری ہے

جناب والا! میں ایک بات یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بڑا اہم مسئلہ بنگلہ دیش میں محصور اڑھائی تین لاکھ پاکستانیوں کا ہے اس ایوان کو یہ اعزاز حاصل ہے۔ میں اعزاز تو نہیں کہتا البتہ ہم نے اپنی ذمہ داری ادا کی کہ پہلا ریزولیوشن جو ہم نے پاس کیا وہ یہ تھا کہ ان پاکستانیوں کو پاکستان میں واپس لایا جائے ہم نے یہ بھی کہا کہ اس کے لئے بیرونی امداد کو نہ دیکھیں قومی وسائل کو استعمال کریں۔ اگر قومی وسائل کو اور جگہ استعمال کر سکتے ہیں تو آخر اپنے بھائیوں کو یہاں لانے کے لئے یہ کیوں استعمال نہیں کر سکتے۔ لیکن جناب والا! نہ صرف یہ کہ اس معاملے میں کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ آئندہ سال کے بارے میں بھی کوئی اعلان، کوئی پروگرام نہیں دیا گیا

جناب والا! میں اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے دو نکتے اور لینا چاہتا ہوں۔ پہلا یہ کہ فوج کا مسئلہ ہے۔ میں نے اپنی ترمیم میں بھی اس بات کو رکھا ہے اور جناب والا! میں آپ کی توجہ مبذول کراؤنگا کہ اس ایوان۔ اس ایڈریس میں فوج کے سلسلے میں جو باتیں کہی گئی ہیں، ان پر گرفت کرنا ہمارے لئے ضروری ہے۔ لیکن اُس بات کو کہنے سے پہلے میں یہ بات کہوں کہ اس ملک کی فوج پاکستان کی فوج ہے۔ وہ ہمارے بھائی ہیں۔ وہ ہمارے محسن ہیں وہ ہمارے محافظ ہیں، انہوں نے اس ملک کی خاطر، ہماری خاطر، اپنی جانیں پیش کی ہیں، اپنے سر ہتھیلی پر رکھ کر دفاع کیا ہے، ان سے محبت ان کی عزت اور حقیقی ضرورتوں کو پورا کرنا! یہ ہماری ذمہ داری ہے، اور اس قوم نے اپنے پیٹ پر پتھر باندھ کر ان کی ضروریات کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے، اگر آپ ملک کے حالات کو دیکھیں، معاشی حالات کو دیکھیں،

[Prof. Khurshid Ahmad]

غربت کو دیکھیں، زبوں حالی کو دیکھیں اور پھر یہ دیکھیں کہ بجٹ میں ہم نے کس طرح فوج کے لئے ایلوکیشنز کی ہیں تو میں یہ نہیں کہتا کہ ہم نے ہر ضرورت ان کی پوری کر دی۔ لیکن ہم نے کم از کم ان کو یہ احساس دلایا ہے کہ ہمیں تمہاری ضرورتوں کا احساس ہے۔ ہم تمہارے پیچھے ہیں اور ہم اپنا پیٹ کاٹ کر بھی تمہاری ضرورتوں کو پورا کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ اور ان میں سے جنہوں نے صحیح جذبہ جہاد کے ساتھ شوق شہادت کے ساتھ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے وہ ہمارے ہیرو ہیں۔ ہمیں ان پر فخر ہے اور حقیقت یہ ہے کہ سپاہ چین کے سلسلے میں جو مثال صدر محترم نے دی اور اس سے پہلے میں نے فوجی میگزین ہلال میں جو کچھ پڑھا۔ میری اپنی آنکھیں پرنم ہو گئیں اور اور میں نے لوگوں کے لئے دل سے دعائیں کیں۔ لیکن اس تمام چیز کے اعتراف کے بعد جناب والا! مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجئے کہ اس ملک کی فوج بھی اسی طرح، اس ملک کے دستور، اس ملک کے قانون، اس ملک کے نظام کا ایک حصہ ہے۔ جس طرح باقی سب ہیں۔ اور جو اپنی حدود سے آگے بڑھے گا وہ خود اپنے آپ کو expose کرے گا، ایسے احتساب، ایسی تنقید کے لئے، جس میں پھر گرفت زیادہ سخت بھی ہو سکتی ہے۔ اس لئے جہاں فوج کا حقیقی رول ہے۔ فوج کا حقیقی مقام ہے۔ فوج کی حقیقی ضرورتیں ہیں اور فوج کی حقیقی عزت اور محبت ہے، وہ ہے وہ ہونی چاہئے اور اس پر ہمارے مستقبل کا انحصار ہے۔ لیکن فوج کو بھی یہ سمجھ لینا چاہئے کہ اس کی ذمہ داری اس ملک کے سول نظام کا احترام ہے۔ اس ملک کے دستور کا احترام ہے، جس دستور کے تحت وہ وجود میں آئی، آرٹیکل 202، 203،

اور 204 - یہ بتلاتے ہیں کہ فوج کیا ہے اس کا فنکشن کیا ہے۔ آرٹیکل نمبر 6
صاف الفاظ میں اس بات کا اعلان کرتا ہے کہ ہر وہ کوشش جس کا ہدف
اس ملک کے دستور کو سبوتاژ کرنا، توڑنا، تباہ کرنا ہو اسکی حیثیت
Hydrogen بم کی سی ہے۔ محض ماضی کی خدمات کی بنا پر کوئی شخص بھی
قانون سے بالا نہیں ہو سکتا۔ کوئی ادارہ بھی قانون سے بالا نہیں
ہو سکتا۔ اس لئے فوج کا جو اصل مقام ہے وہ ہمارے
دلوں میں بھی ہے اور اس ملک میں بھی، اور جب فوج حدود کے اندر ہے تو وہ
ہماری آنکھوں کا تارا ہے۔ لیکن اگر فوج حدود سے آگے بڑھ گئی ہے اور وہ
اپنے آپ کو اس ملک کا مالک کل سمجھتی ہے۔ اگر اس کے دماغ میں یہ بات
بیٹھ جاتی ہے کہ سول نظام اس کے تحت ہے، وہ سول نظام کے تحت
نہیں، دستور اس کی ٹھوکر میں ہے۔ وہ دستور کے تابع نہیں ہے تو پھر فوج
ان حدود سے آگے بڑھ جاتی ہے، جس کے بعد اس کا احترام نہیں ہو سکتا
پھر اس کا گریبان پکڑنا پڑے گا۔

جناب والا! یہاں یہ بات کہی گئی ہے کہ یہ جو تین سال گزر گئے۔ یہ اس لئے
گزر گئے ہیں کہ فوج ہماری پشت پر تھی، میں اس کو اس معنی میں تو
welcome کرتا ہوں کہ ملک کی فوج کو ہمیشہ اس دستور کا اور دستور
کے تحت بننے والی قانونی سول گورنمنٹ کا تابع ہونا چاہئے۔ اس معنی میں
ہم رفیق کار ہیں ایک دوسرے کی مدد دے رہے ہیں، ایک دوسرے
کے ساتھ ہیں۔ لیکن اگر اس کے معنی یہ ہیں کہ اس ملک میں جمہوریت کوئی
خیرات ہے جو فوج نے ہمیں دی ہے اور اگر ہم نے فوج کا احتساب کیا،
گرفت کی، تنقید کی تو پھر ہمارے دن گنے ہوئے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ

[Prof. Khurshid Ahmad]

بات بڑی غلط بات ہوگی۔ اس بات کو نہ برداشت کیا جائے گا اور نہ یہ قوم ان لوگوں کو معاف کرے گی جو فوج کے حقیقی کارناموں کا سہارا لے کر ملک کی قسمت کے ساتھ یہ کھیل کھیلنا چاہتے ہیں۔

جناب والا! یہاں یہ بھی کہا گیا ہے۔ صفحہ نمبر 66 پر "

" آپ جانتے ہیں یہ مارشل لاء بھی اپنی مرضی سے نہیں لگا تھا "۔ میں جناب والا! اس شعر کے معنی تلاش کرنے کی برابر کوشش کر رہا ہوں۔ کیا 1958ء میں عوام کے مطالبے پر فوج نے مداخلت کی تھی۔ کیا یہ ایک حقیقت نہیں ہے کہ 1956ء کا دستور بنا۔ 1958ء میں انتخابات کی تاریخ طے ہوئی پہلے اکتوبر اور پھر فروری اور ملک میں پہلے ملکی انتخابات سے پہلے فوج نے مداخلت کی اور اگر آپ صاف بات سننا چاہتے ہیں تو فوج کی لیڈرشپ اس سے پہلے سے یہ منصوبے بنا رہی تھی۔ جناب ایوب صاحب کی جو یادداشتیں شائع ہوئی ہیں اور جس میں انہوں نے پاکستان کے مستقبل کے دستور کے بارے میں اپنے خیالات لکھے اور جو کیپٹن محمود احمد کی کتاب "مائی لیڈر" شائع ہوئی، اس کا مطالعہ کیجئے۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ کی فوج کا سربراہ اس وقت یہ نہیں سوچ رہا تھا کہ اس ملک کی فوج کو کیسے مضبوط کریں، اس ملک میں عسکری تربیت کے نظام کو کیسے بڑھایا جائے۔ اس ملک کا دفاع دشمن کے مقابلے میں کیسے کیا جائے۔ بلکہ یہ سوچ رہا تھا کہ آئندہ آئین میں فوج کا کیا رول ہو، وہ کیا سیاسی پارٹ play کرے۔ اور آگے بڑھئے۔ جناب آغا خاں صاحب مرحوم ان کے دادا۔ 1951ء

شائع ہوئی جس میں Memoir یں ایوب صاحب سے ملتے ہیں - ان کی وہ یہ کہتے ہیں کہ میں نے صدر ایوب سے یہ کہا کہ میں صرف ایک بات تم تک پہنچانے کے لئے آیا ہوں اور وہ بات یہ ہے کہ میں تمہارے چہرے پر اور تمہاری آنکھوں میں وہ جھلک اور وہ نور دیکھ رہا ہوں جس کے نتیجے کے طور پر تم پاکستان کو بچانے والے بنو گے اور میری نگاہ میں پاکستان کو بچانے کا راستہ یہ ہے کہ فوج آگے بڑھے اور اپنا رول ادا کرے - یہ بات ۱۹۵۱ میں سر آغا خان نے جناب ایوب صاحب سے کہی اور میں کیا آپ کو یاد دلاؤں کہ جب دستور یہ توڑی گئی تھی تو ڈیفنس منسٹر کون تھے اور کیا ڈیفنس منسٹر کے بغیر غلام محمد صاحب وہ کام کر سکتے تھے تو اگر فوج کا یہ رول پیش نظر تھا یعنی مارشل لاء تو یہ رول نہ اس قوم نے اس کو دیا ہے نہ ہماری روایات کا یہ حصہ ہے اور پاکستان کی ۴۰ سالہ تاریخ یہ بتاتی ہے کہ ان ۴۰ سالوں میں ۲۲ سال یہاں فوج حکمران رہی ہے، ہماری خرابیوں کی جڑ، ہمارے مسائل کا سبب یہ فوجی حکومت رہی ہے اور اس نے نہ صرف ملک کو تباہ کیا ہے بلکہ فوج کو بگاڑا ہے اس لئے کہ وہ فوج جسے سیاست کی چاٹ لگ جائے، وہ فوج جس میں سیاست کے راستے رشوت اور یہ تمام خرابیاں در آئیں، وہ فوج جس کے سامنے موت اور شہادت ہدف نہ رہے بلکہ کوٹھیاں، بنگلے، مرسیڈیز، ایئر کنڈیشنر، تنخواہیں، چوکیدار، ملازمین یہ جس کا مطمع نظر بن جائیں پھر وہ فوج لڑنے والی فوج نہیں رہتی - جناب والا! لیویومم ایک بڑا مشہور Historian ہے اس نے اپنی کتاب The Condition of Man میں ایک جگہ لکھا ہوا کہ

[Prof. Khurshid Ahmad]

Any fool can solve the problems of Government through Martial Law. but only a fool can regard that is the processes of Government.

جناب والا! وقتی طور پر ڈنڈے سے آپ کچھ کام کر سکتے ہیں اس سے انکار نہیں ہے لیکن یہ صحیح گورنمنٹ نہیں ہے۔ اس کے ذریعے سے آپ کو انصاف نہیں مل سکتا تھا۔ اس کے ذریعے سے آپ کو دیر پا institutions نہیں مل سکتے اس طرح آپ ملک کو بھی تباہ کرتے ہیں اور فوج کے institution کو بھی تباہ کرتے ہیں۔ تو جناب والا! زیر زمین اور بین السطور فوج کے رول کی جو جھلکیاں اس خطاب میں نظر آ رہی ہیں اور پارلیمانی نظام کے مقابلے میں ایک صدارتی نظام کو غالب کرنے کی جو کوشش اس میں مل رہی ہیں، یہ ایک ایسی چیز ہے جسے ہم نظر انداز نہیں کر سکتے، جس کا نوٹس لینا ضروری ہے۔

اب جناب والا! میں آخری بات افغانستان کے بارے میں کہنا چاہتا ہوں، صدر محترم نے اس پر بھی کافی بات کہی ہے لیکن جہاں مجھے اس بات پر فخر ہے کہ پاکستان نے اپنی ساری مجبوریوں اور کمزوریوں کے باوجود افغانستان کے مسئلے کے بارے میں ایک ایسی پالیسی اختیار کی جو اصولی طور پر جو اسلامی طور پر اور جو پاکستان کے strategic مفاد کے نقطہ نظر سے ایک مبنی بر حکمت پالیسی تھی جرأت مندانہ پالیسی تھی اور جناب والا! یہ پالیسی ہم نے اس وقت اختیار کی جب کوئی سپر پاور ہماری مدد کے لئے نہیں آئی تھی میں آپ کو یہ یاد دلاؤں کہ یہ وہ وقت تھا جب امریکہ سے ہمارے تعلقات پاکستان کی تاریخ میں سب سے زیادہ خراب تھے یہ وہ وقت تھا

جب کہ اس کیبینٹ میں جس میں آپ وزیر خزانہ تھے اور مجھے بھی کچھ عرصے کے لئے کام کرنے کی سعادت حاصل ہوئی تھی، نیوکلیئر پالیسی پر اپنی آزادی کو محفوظ رکھنے کے لئے ہم نے امریکہ aid پر لات ماری تھی اور یہ وہ زمانہ تھا جب کہ ہم ایک ڈالر بھی امریکی aid کا نہیں پا رہے تھے وہ وقت تھا جب یہ جنگ شروع ہوئی تھی اور اس وقت حکومت نے جرأت کے ساتھ ایک پالیسی اختیار کی اور ۸ سال تک اس پر کام کیا، لیکن جناب والا! مجھے یہ نظر آ رہا ہے کہ اس آخری اور سب سے فیصلہ کن دور میں ہم بیرونی پریشر کے آگے جھک گئے ہیں میں اس سے انکار نہیں کرتا کہ بہت شدید پریشر ہے ہیں۔ اس سے بھی انکار نہیں کرتا کہ اس پریشر کو resist کرنا آسان کام نہیں ہے لیکن اگر ہمارا خدا پر یقین ہے اگر ہم اس قوم پر اعتماد کرتے ہیں اور اگر ہم افغانستان کے جہاد سے کوئی سبق سیکھتے ہیں کہ کس طرح ایک قوم جذبہ جہاد سے سرشار ہو کر اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کر کے ایک سپر پاور کا مقابلہ کر سکتی ہے اور اسے گھٹنے ٹکا سکتی ہے تو ہمیں ابھی تھوڑے سے مزید صبر اور ہمت کی ضرورت تھی جناب والا! ہم نے دو بڑی بنیادی باتیں کہی تھیں پہلی بات یہ کہ جب تک مہاجرین کی باعزت افغانستان میں واپسی کے حالات پیدا نہیں ہو جاتے، ہم ان کی تائید اور مدد جاری رکھیں گے، بلاشبہ روسی فوج کی واپسی ہمارا اولین ہدف ہے لیکن ہمارا واحد ہدف نہیں ہے، یہ نامکمل ہے جب تک کہ وہ حالات پیدا نہ ہو جائیں جن کی بنا پر یہ لوگ مجبور ہوئے کہ وہاں سے نکلیں جس کی بنا پر خون کی ندیاں بہیں جس کی بنا پر تیرہ لاکھ افراد نے اپنی جانیں پیش کیں اس وقت تک ہمارا مسئلہ حل نہیں ہوتا، لیکن اس آخری وقت پر محض بیرونی پریشر کی وجہ سے جس میں

[Prof. Khurshid Ahmad]

روس کا پریشر بھی تھا جس میں امریکہ کا پریشر بھی تھا اور ہمیں جاننا چاہیئے کہ ہمارے strategic objectives اور امریکہ کے strategic objective مختلف ہیں کہ کہیں کہیں ان کے اندر اور ہمارا فرض ہے کہ ہم اس سے فائدہ اٹھائیں لیکن وہ کوئی co-extensive نہیں ہے اسی لئے آپ دیکھئے کہ پہلے دو سال تک امریکہ نے کوئی مدد نہیں کی لیکن الحمدللہ جہاد ہوا ۱۹۸۳ میں پہلی مرتبہ امریکہ کو اس بات کا احساس ہوا کہ ہاں یہ جہاد یہ Resistence کامیاب ہوسکتی ہے اور ۱۹۸۴ کے بعد سے اس کا attitude بدلا ہے لیکن میں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ۱۹۸۲ میں صدر ریگن نے اپنے ایک بیان میں اعلان کیا کہ ہم مجاہدین کی مدد کر رہے ہیں حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت امریکہ کوئی مدد نہیں کر رہا تھا وہ صرف اس کو اپنے سیاسی مقاصد کے لئے use کر رہے تھے، آج صدر ریگن کی ضرورت یہ ہے کہ Treaty sign ہو جائے، آج اس کی ضرورت یہ ہے کہ اس کی ریٹائرمنٹ سے پہلے سیکنڈ گورباچوف ریگن ملاقات جو مئی میں ہو رہی ہے اس میں وہ کچھ اپنی قوم کو دے سکے اور اس میں وہ تحفہ دینا چاہتا ہے افغانستان کے ایک issue کا، لیکن کیا ہمارا مفاد بھی یہی ہے ہم نے جو کچھ کیا ہے وہ یہ ہے کہ اس ضمانت کے بعد بغیر دستخط کرنے کے معانی یہ ہیں کہ جو چابی اسلام آباد کے پاس تھی اب آپ نے وہ چابی واشنگٹن کو دے دی - اس ریجن میں امریکہ کا interference بڑھ گیا ہے جناب والا! میں آپ کو یہ یاد دلانا

چاہتا ہوں کہ روس نے diplomatically ایک بڑا ہی اہم اعلان کیا شیورڈ ناڈزے نے تقریباً دس دن پہلے یہ کہا کہ ہم Geneva Accord sign کرنے کو تیار ہیں امریکہ کی گارنٹیز کے بغیر، یہ وہ موقع تھا کہ جسے پاکستان کو seize کرنا چاہئے تھا لیکن پاکستان نے اسے miss کیا اور وہ بیان اسی لئے دیا گیا تھا کہ امریکہ پر پریشر پڑے ، وہ پریشر پڑا اور تین دن کے اندر اندر امریکہ اس بات کے اوپر تیار ہو گیا ٹھیک ہے اس پر ہماری understanding ہو گئی ہے ۔

جناب والا! مجھے بتلائیے ہمارا تو پہلے دن سے موقف یہ ہے کہ پاکستان نے کوئی intervention نہیں کیا intervention روس نے کیا ہے پاکستان میں مہاجرین آئے ہیں مجاہدین آئے ہیں ہم نے ان کی مدد کی ہے اگر آپ اپنے ہاتھ باندھ رہے ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ سپر پاورز کو اجازت ہے کہ ایک کابل اور دوسرا مجاہدین کی مدد کرتا رہے تو آپ نے سارا leverage جو پاکستان کے پاس تھا وہ ان سپر پاورز کو دے دیا، میری نگاہ میں یہ ایک Himalayan blunder ہے جناب والا! میں پورے دکھ کے ساتھ یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ان حالات کے نتیجے کے طور پر افغانستان میں جہاد ختم نہیں ہوگا ۔ مہاجرین کی واپسی کا امکان مجھے نظر نہیں آرہا مجھے نظر یہ آرہا ہے کہ وہاں chaos بڑھے گا وہاں bloodshed بڑھے گا اور فطری طور پر روسی فوجوں کی واپسی کے بعد جنگ میں intensity آئے گی جس کا یہ نتیجہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کے پاس کچھ اور مہاجرین آجائیں یہ میں یقین رکھتا ہوں کہ چند ماہ میں ایک سال ڈیڑھ سال اگرچہ وقت دینا

[Prof. Khurshid Ahmad]

میرے لئے مشکل ہے مجاہدین انشاء اللہ کامیاب ہوں گے اور ان کی حکومت کابل میں قائم ہو گی لیکن روس یہ نہیں چاہتا کہ یہ کام A peaceful harmonious process سے ہو جائے۔ وہ افغانستان میں مزید chaos پیدا کرنا چاہتا ہے، مزید bloodshed پیدا کرنا چاہتا ہے اور ہم اس معاہدے پر دستخط کر کے اس میں بھی شریک ہو رہے ہیں۔ اس لئے جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ اس آخری وقت پر پاکستان نے کمزوری دکھائی ہے ہم pressure میں آگئے ہیں جو وقت ابھی Resist کرنے کا تھا اس میں ہم نے مناسب stamina show نہیں کیا اور اقبال کے الفاظ میں مجھے کہنا پڑے گا کہ

؎ نادان گر گئے سجدے میں جب وقت قیام آیا

حالانکہ یہ وہ وقت تھا جہاں تھوڑا سا آپ کا Resist کرنا ضروری تھا چند مہینے کی بات تھی اور اب بھی میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ گنجائش اتنی موجود ہے کہ آپ اپنی manoeuvrability کو بڑھائیں اگر ہم نے اپنی inability کو indicate کر دیا تو حقیقت یہ ہے کہ ۸ سال میں جو کچھ آپ نے حاصل کیا ہے اس پر پانی بھی پھر سکتا ہے لیکن میں اب بھی یہ توقع رکھتا ہوں اور حکومت سے بھی یہ کہتا ہوں اور عوام سے بھی کہتا ہوں کہ افغان معاملے میں ہماری تائید ہمارا تعاون اسی طرح جاری رہنا چاہئے۔ ٹھیک ہے اب انسانی جانوں کی قیمت ذرا بڑھ گئی ہے لیکن تاریخ بتاتی ہے کہ سائیگان کی حکومت ویت نام ایگریمنٹ کے بعد دو سال کے اندر اندر آپ سے آپ ختم ہو گئی جو بھی تحفظات اس کے لئے پیدا کئے گئے تھے وہ اسے سہارا

نہ دے سکے اور مجھے یقین ہے کہ کابل حکومت کو بھی یہ سہارا نہیں دے سکیں گے لیکن ہم جو چاہتے تھے کہ bloodshed نہ ہو chaos نہ ہو انٹریم گورنمنٹ کے ذریعے transitional government کے ذریعے یہ کام سہولت سے ہو جائے تو مشکل ہو گا۔

جناب والا! اس کے باوجود کہ افغانستان کے مسئلے پر ہماری حکومت نے آخری وقت پر جو کمزوری دکھائی ہے یہ وہ ہم سب کے لئے بڑی تکلیف دہ ہے لیکن مجھے یقین ہے کہ پاکستانی قوم اس موقع پر کمزوری نہیں دکھائے گی یہ اس معاہدے کو ایک دوسرا تاشقند کا معاہدہ سمجھے گی اور مہاجرین اور مجاہدین کی اسی طریقے سے پشت پناہی کرتی رہے گی جس طرح آج تک کی ہے اور انشاء اللہ کچھ مزید قربانیاں دینے کے بعد بالآخر مجاہدین کو کامیابی اور افغانستان میں ایک صحیح حکومت قائم ہو سکے گی جسے افغانستان کے عوام کی حقیقی تائید حاصل ہو گی۔ جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ایوان کے تمام ارکان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور جو amendment میں نے farmally پیش کی ہے اسے introduce کرتا ہوں۔

قاضی عبداللطیف :۔ اس ترمیم کے بعد وقت ملنا چاہیئے تاکہ اس پر غور کیا جا سکے اور اس کے بعد اس پر عام بحث ہونی چاہیئے۔

جناب چیئرمین :۔ بحث تو یہ جاری رہے گی اگر آپ تقاریر کے لئے ٹائم مقرر کرنا چاہتے ہیں تو مجھے اس میں کوئی اعتراض نہیں۔ ابھی میرے پاس

[Mr. Chairman]

طارق چوہدری صاحب کے بعد جناب محسن صدیقی جناب احمد میاں سومرو جناب بہرہ ور سعید جناب ڈاکٹر بشارت الٰہی کے نام درج ہیں اور بھی حضرات میرے خیال میں بولنا چاہیں گے تو یہ بحث تو کچھ دیر مزید جاری رہے گی وزیر انصاف صاحب موجود نہیں ہیں لیکن میرے خیال میں اگر آپ شام کو بھی سیشن کریں تو یہ ختم ہو سکے گی ۔

پروفیسر خورشید احمد : میں اس بات پر احتجاج کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی وزیر نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین : ایک وزیر صاحب تو موجود ہیں ۔ ایک ' ایک سرے پر اور دوسرا ' دوسرے سرے پر ۔

پروفیسر خورشید احمد : جی ہم نے دیکھا تو ہے ۔

جناب چیئرمین : بیچ میں لیڈر آف دی ہاؤس بیٹھے ہوئے تھے ۔

قاضی عبداللطیف : جب تک ترمیم پر غور نہ کیا جائے اس پر بحث کیا ہو سکے گی ۔

جناب چیئرمین : ترمیم پر بھی ڈسکشن ہو رہی ہے ۔

قاضی عبداللطیف : اس پر غور ہو ہی جائے تبھی اس پر بات ہو سکے گی ۔

جناب چیئرمین : کیا مطلب میں سمجھا نہیں ۔

قاضی عبداللطیف : اس کے بعد سوچنے کا وقت ملنا چاہیے تاکہ اس ترمیم پر بھی ہم کچھ بات کر سکیں ۔

جناب چیئرمین : جن لوگوں کو سوچنے کا ٹائم چاہیے وہ بے شک اپنی تقاریر مؤخر کر سکتے ہیں اس میں تو کوئی ایسی پابندی نہیں ۔ ابھی تو آپ کو دعوت

نہیں دے رہے کہ آپ اس پر بولیں ۔ پہلے ان حضرات کو جو بول سکتے ہیں، ان کو بولنے دیں اتنی دیر تک آپ بے شک اس پر غور کریں۔

**قاضی عبداللطیف :** ۔ اس وقت تک اردو میں ترجمہ نہیں پہنچا ۔

**جناب چیئرمین :** ۔ اردو میں ترجمہ اگر نہیں ہے تو وہ آپ کے حوالے کر دیتے ہیں ۔

**جناب احمد میاں سومرو :** ممبروں کو تھوڑا ٹائم دینا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

Mr. Chairman : But we are not saying that.

آپ کو کس نے کہا ہے کہ تھوڑا ٹائم ہے ۔

**جناب احمد میاں سومرو :** سنا ہے کہ سنڈے کو اجلاس pro rogue ہو رہا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** مجھے تو کوئی علم نہیں کہ سنڈے کو prorogue ہو رہا ہے ۔ وزیر انصاف صاحب بتا سکیں گے ۔ اس پر بہت سارے حضرات بولنا چاہتے ہیں ۔

**جناب وسیم سجاد :** جناب والا! ویسے سنڈے کو ہم اس ہاؤس کو ۔ ۔ pro rogue کر رہے ہیں ۔ اگر جناب ہاؤس کی مرضی سے سنڈے کو بھی کچھ وقت دینا چاہیں تو مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

**جناب چیئرمین :** تو دو طریقے ہو سکتے ہیں اگر سنڈے کو پرائیویٹ ممبرز ڈے کی بجائے آپ اسی بحث کو جاری رکھیں تو میرے خیال میں وہ بہتر رہے گا ۔

**جناب وسیم سجاد :**۔ ٹھیک ہے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

مگر آج کے دن لوگوں نے گھر جانا ہوتا ہے۔

**جناب چیئرمین:** میرے خیال میں شام کو اسمبلی کا بھی سیشن ہے اسلئے شام کا اجلاس رکھنا شائد مشکل ہو جائے گا اگر ہاؤس کی مرضی ہے تو سنڈے کو پرائیویٹ ممبرز ڈے کی بجائے اس بحث کو جاری رکھتے ہیں۔

**جناب وسیم سجاد:** ٹھیک ہے۔

**جناب چیئرمین:** صحیح ہے تو پھر یہ بحث جاری رہے تو میرے خیال میں ڈیڑھ بجے تک ایک دو سپیکر اور بول سکتے ہیں۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب کو میں نے deleberately ٹائم زیادہ دیا اس لئے کہ ایک تو وہ اپوزیشن کی طرف سے بول رہے تھے اور غالباً واحد آدمی ہیں دوسرا یہ کہ ان کی ایک بہت ہی substantial amendment تھی جس پر بحث ہونی چاہیئے تھی۔ جناب طارق چوہدری صاحب آپ جاری رکھیں۔

**جناب احمد میاں سومرو:** سنڈے کو آپ ہمیں ایڈجرنمنٹ موشنز allow کریں گے یا وہ بھی نہیں لیں گے۔

**جناب چیئرمین:** ابھی سے فیصلہ کر لو۔ جیسے آپ کرتے ہیں۔ میرے خیال میں نہیں لینے چاہئیں اسی پر ختم کر دیں۔ جناب چوہدری صاحب۔

**جناب محمد طارق چوہدری:** نحمدہٗ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے اس اہم مسئلے پر مجھے تقریر کرنے کا موقع دیا۔ ہمارے پہلے فاضل مقرر جناب حسن اے شیخ جنہوں نے اس موضوع پر طرح مصرعہ دیا تھا۔ اس پر

پروفیسر خورشید صاحب نے بہت طویل غزل کہی - بلکہ دوغزلہ کہہ کر مقطع بھی کہہ دیا - انہوں نے نہ اس کا کوئی رُخ نامکمل چھوڑا - نہ کوئی نکتہ تشنہ رہنے دیا - اس قدر تفصیل سے بحث کی ہے کہ اب ہمارے لیئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ انہی کی باتوں کو دہرائیں یا پھر کوئی اور دشت ڈھونڈیں جس کی سیاحی کی جائے گی - بہرحال کچھ نہ کچھ عرض کرنا ہے - صدر مملکت کی تقریر عام طور پر دو طرح کی ہوتی ہے - ان کی تقریر کا ایک حصّہ تو وہ ہے جو وہ عینک لگا کر پڑھتے ہیں اور دوسرا وہ جو وہ عینک اتار کر کرتے ہیں - پھر ان کی تقریر میں تھوڑا تھوڑا سطور میں ہوتا ہے اور زیادہ بین السطور ہوتا ہے - جس طرح صدر مملکت خود سطور میں ہیں لیکن جرنیل بین السطور میں ہے - اس طرح سطور سے زیادہ بین السطور دیکھنے، جھانکنے سوچنے اور سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے - صدر مملکت کا یہ خطاب پارلیمنٹ کے تمام خطابوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ طویل تھا - ایک گھنٹہ چالیس منٹ تک انہوں نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا - اس خطاب میں مسائل کا ذکر ہے ان کے حل کا کوئی وعدہ نہیں - ایک تجربہ کار مقرر کے خطاب کی گھن گرج ہے لیکن ایک رہنما کی طرف سے ملنے والی صحیح رہنمائی اس میں نظر نہیں آتی - صدر کا یہ خطاب دو حصوں میں منقسم ہے ایک اندرونی حالات اور دوسرا بیرونی صورتحال - خارجہ تعلقات میں حسب سابق افغانستان کو اولیت حاصل رہی اس کے بعد بھارت، سعودی عرب، اسرائیل، امریکہ، چین اور روس، ایران، عراق،

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

جنگ کا ذکر کیا گیا۔ اندرونی صورتحال میں امن عامہ، رشوت حصول انصاف میں دشواری، نظام اسلام، فوج پاکستان کی تعریف مسلم لیگ کو ڈانٹ ڈپٹ اور صدر کے اختیار و اقتدار بھی زیر بحث رہے۔ اندرونی صورت حال کا ذکر ضمناً کیا گیا۔ حالانکہ ملکی اور قومی مسائل بے پناہ بے شمار، گمبھیر اور بڑے ہی دور رس ہیں۔

میں اپنے قومی مسائل پر جب بھی سوچتا ہوں اس پر غور کرتا ہوں تو اتنے مسائل کی ایک فہرست تیار ہو جاتی ہے اور اس فہرست میں سے مسئلہ نمبر ایک تلاش کرنے کی کوشش کریں تو کبھی ہمیں مسئلہ نمبر ایک نظر نہیں آیا کیونکہ پاکستان کا ہر مسئلہ مسئلہ نمبر ایک ہی کی طرح گمبھیر نازک اور توجہ طلب ہے لیکن ہمیشہ سے عدم توجہی کا شکار۔ آیئے ذرا آپ بھی مسئلہ نمبر ایک کی تلاش میں میری مدد کیجئے۔ آئین اور اس کے تقاضے دیکھیں۔ قانون اور اس کی حکمرانی دیکھیں عدلیہ اور اس کا ماضی و حال دیکھیں۔ انتظامیہ اور اس کی منہ زوریاں دیکھیں۔ سیاسی پارٹیاں اور ان کی تنظیمیں دیکھیں مقننہ اور اس کی مجبوریاں دیکھیں۔ فوج اور اس کی ناکامیاں دیکھیں۔ بیروزگاری اور اس کی شدت دیکھیں معیشت اور اس کی حالت دیکھیں۔ صنعت اور اس کی کیفیت دیکھیں۔ تعلیم اور اس کی حالت دیکھیں۔ نوجوان اور ان کا مستقبل دیکھیں۔ ٹیکس اور ان کی دھاندلیاں دیکھیں امن امان اور اس کی حالت دیکھیں۔ حکومت اور اس کی ناکامیاں دیکھیں۔ سمگلنگ اور اس کی شدت دیکھیں۔ اسلحہ اور اس کی بھرمار دیکھیں۔ قانونی حکومت

اور اس کی نالائقیاں دیکھیں حقیقی حکمرانی اور اسکی چالاکیاں دیکھیں، اس کے علاوہ افغان مسئلہ، انڈیا، مڈل ایسٹ پاک امریکی تعلقات، قوم کی تقسیم در تقسیم، صوبائی خود اختیاری کے مسائل، یہ سب ہماری توجہ کے طالب ہیں، لیکن عدم توجہی کا شکار رہیں۔

اپنی اس تقریر کے صفحہ نمبر ۱۱ پر وہ فرماتے ہیں، ماشاء اللہ عزت مآب وزیر اعظم محمد خان جونیجو اور میرے درمیان قابل رشک حد تک افہام و تفہیم پائی جاتی ہے، ہم اکثر معاملات میں مشورہ کرتے ہیں"۔ یہ سب اپنی جگہ جناب!

ہمیں انکار وصل غیر میں کچھ شک نہیں لیکن
زباں کچھ اور بوئے پیرہن کچھ اور کہتی ہے

آپ نے کہہ دیا، ہم نے مان لیا، لیکن شواہد اس کے مطابق نہیں ہیں۔ پاکستان کا، اس وقت سب سے بڑا اور اولین مسئلہ، مسئلہ افغانستان ہے جس کے ضمن میں پارلیمنٹ کا ایک مشترکہ اجلاس طلب کیا گیا تھا۔ جس میں زین نورانی صاحب اور جنرل حمید گل صاحب نے مسئلہ افغانستان کی سنگینی کے بارے میں اور اسکے حل اور نتائج کے بارے میں، ہمیں (پارلیمنٹ) کو اعتماد میں لیا تھا، اس بریفنگ کے دوران زین نورانی محمد خان جونیجو کی نمائندگی کر رہے تھے اور حمید گل، جنرل ضیاء الحق کا مؤقف پیش کر رہے تھے۔ ہم نے کالی دھاری کو سفید سے اور سفید دھاری کو کالی سے وہاں بالکل الگ دیکھا، دونوں کا مؤقف واضح طور پر مختلف تھا، واضح طور پر متضاد تھا۔ اور جب حمید گل کی بریفنگ کو مؤثر پایا اور

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

ممبران کو اس سے متاثر ہوتے ہوئے دیکھا تو وزیر اعظم نے سیاسی کہنی مار کر انہیں اسٹیج سے بزور الگ کیا - کیا یہ سب کچھ ہم اپنی آنکھوں کے سامنے نہیں دیکھ سکے تھے؟ اسی طرح صدر مملکت نے لاہور میں افغان مسئلے پر خطاب کیا تھا - یہ پہلا موقع ہے کہ سرکاری سطح پر حکومتی سطح پر اس خطاب کو نشر ہونے سے باقاعدہ روکا گیا - اس کے بعد کیا کچھ ہوا، صلح کس نے کروائی، اس کے نتائج کیا برآمد ہوئے، یہ ایک الگ بات ہے، لیکن ان دونوں کے درمیان مکمل ہم آہنگی موجود نہیں ہے - اور اگر انہوں نے خود کو نہ سنبھالا، ایک ہو کر نہ چلے، تو پھر وہی حالت ہو گی کہ

لڑتے لڑتے ہو گئے گم،
ایک کی چونچ اور ایک کی دم

یہ سارا نظام ڈھے جائے گا، یہاں کچھ باقی نہیں بچے گا لہذا سنبھل کر چلنا ہوگا، سوچ کر قدم بڑھانا ہوگا -

اندرونی صورت حال، اسلام کے حوالے سے، شریعت بل کے ریفرنس سے، سندھ کی حالت، شہروں کی کیفیت، اور کراچی کے بعض علاقوں میں ابھی تک کرفیو کے نفاذ کا ذکر بھی سننے میں آیا ہے، ان سب کے پیش نظر ---

دلی جو ایک شہر تھا عالم میں انتخاب
رہتے والے ہیں ہم اسی اجڑے دیار کے

دلی اجڑا تو میر بھی اجڑے اور انہوں نے شہر آشوب لکھا - لیکن کراچی اجڑا تو کوئی میر نہ تھا جو شہر آشوب لکھتا، یا اس کے لئے نوحہ کہتا کراچی اس بری طرح لوٹا گیا ہے، اتنا بری طرح اجاڑا گیا ہے، اتنا بری طرح برباد

کیا گیا ہے کہ نادر شاہ نے دلی میں تو وہ ظلم روا رکھا ہوگا اور نہ وہاں اس طرح قتل و غارت ہوئی ہوگی، نہ وہاں ایسا ظلم ہوا ہوگا، جو کراچی میں ہو گزرا ہے نادر شاہ کے زمانے میں تو یہ پلاٹ بیچنے کا رواج بھی نہیں قائم ہوا ہوگا۔ لوٹ کھسوٹ محض مال و دولت تک، سونے اور جواہرات تک، غلے تک ہی رہی ہوگی، اور غلہ لوٹنے کے لئے بھی تو اس وقت زیادہ سے زیادہ گھوڑے اور اونٹ استعمال کرتے تھے جن پر وہ لاد کر لے جایا کرتے تھے، بہرحال کراچی کا نوحہ جب بھی کہا جائے گا، جب بھی کوئی کہہ سکے گا، اہل دل کی آنکھیں پرنم ہو جائیں گی۔ وہ خون کے آنسو روئیں گے، اس سے بھی زیادہ جتنا ہم افغان بھائیوں کا ذکر اور اس بہادر کپتان (محمد اقبال) کی یاد میں جس طرح آنسو بہاتے ہیں، وہی آنسو، جن کے بارے میں اقبال نے کہا تھا کہ

موتی سمجھ کر شان کریمی نے چن لئے
قطرے جو تھے میرے عرق انفعال کے

موتی سمجھ کر شان کریمی چنتی ہے، بشرطیکہ اپنے کئے پر ندامت ہو، اور جو کچھ ہم پیچھے کر گزرے ہیں، اس پر ہم اظہار افسوس کریں اور اپنے خدا سے معافی مانگیں، ہمارے دو بزرگ دوست، ہمارے دو بزرگ رہنما، جن کی چھوٹی سی غلطی نے ہمیں بہت بڑے نااہلوں کے سپرد کر دیا ہے، چھوٹے سر اور بڑی خواہشیں رکھنے والے یہ لوگ جن کو قوم کے اوپر مسلط کیا گیا، کالعدم مارشل لاء کے چیف ایڈمنسٹریٹر اور کالعدم مسلم لیگ کے کالعدم صدر، دونوں

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhry]

نے ۱۹۷۷ میں اس قوم کو بھیڑیوں کے جنگل سے نکال کر، ۱۹۸۵ میں بھیڑوں کی قیادت کے سپرد کردیا۔ میں نے اپنی زندگی میں اس سے زیادہ نالائق، بزدل، کمزور، قوت فیصلہ سے محروم، اور "ڈنگ ٹپاؤ" حکومت کبھی نہیں دیکھی، بندر کے ہاتھ میں کانچ کی چوڑیاں دے کر، اب نقصان کی فکر لگی ہے۔ تو جناب!۔

آپ ہی تونے چھانٹے ہیں کیا جانوں پھول کہ کانٹے ہیں
ہار نہیں تو باڑھ بنالے کانٹے بھی بے کار نہیں

لیکن یہ کانٹے ہیں، ان کو آپ بھاڑ پر رکھیئے، یا اس سے باڑھ بنایئے، گلے میں پہننے اور ہار بنانے کے لائق یہ ہرگز نہیں تھے جن کے ہار اب گلے میں پہنے ہیں، اب چبھتے ہیں اور لہو رلاتے ہیں۔

ہمیشہ کی طرح اس دفعہ بھی افواج پاکستان کا ذکر ہے، نوجوان شہید کیپٹن محمد اقبال، جس کی بہادری، جاں نثاری، جذبہ سرفروشی کا ذکر ہوا، کون کافر اپنے جیالے، معصوم اور بے غرض عام سپاہی کی خدمت سے انکار کرسکتا ہے۔ لفٹیننٹ سے لیکر کرنل تک مڈل کمانڈ جس کے نوجوان افسروں کی بہادری، جاں نثاری، ذہانت، شوق شہادت ہمارے لئے وجہ افتخار رہے، یہ نوجوان شہید، گرم خون رکھنے والا بہادر جیالا، پرجوش ملت کا جاں نثار، شہادت کی آرزو لئے، اس خطہ پر سینہ سپر ہوتا ہے، جہاں گھاس نہیں اگتی، لیکن ہمارے اعلیٰ کمانڈر، ہمارے جرنیل جو ایسے بے بضاعت ہیں کہ ہر بساط پر کھیلے بغیر ہار گئے، مات ہوگئے، جناب

جب یہ پاکستان کا بڑا حصہ، سنہرا دیش، بھارتی ہندو کی جھولی میں ڈال کر پاکستان آتے ہیں، تو ان کے اپنے کلاہ پر بندھی ہوئی پگڑی، پہلے سے زیادہ کلف دار ہو جاتی ہے اور شراب میں ڈوبا ہوا وہ صدر اور کمانڈر جو پاکستان کا قاتل ہے اسے دوہری پنشن دے کر اسلام آباد کے خوبصورت بنگلے میں محفوظ اور مامون رکھا جاتا ہے، کس لئے؟ محض اس لئے کہ وہ پیٹی بھائی تھا۔ کیا یہ وہ اقدامات ہیں، کیا یہ وہ طرز عمل ہے، کیا یہ وہ خود احتسابی ہے، جس کے لئے ہم ان کی عزت کریں ان کا احترام کریں، ان کے سامنے بچھے جائیں۔ ان کے سامنے ہماری آنکھیں نہ اٹھ سکیں۔ کیا یہ وہ احترام ہے، کیا یہ وہ خدمت ہے، کیا یہ پاکستان کا تحفظ کیا ہے، کیا یہ سرحدوں کی حفاظت کی ہے، جس کے لئے ہم ان کے ممنون ہوں، جس کے لئے ہم ہر وقت ان کے لئے رطب اللسان رہیں۔

اب آئیے خطاب کی اصل روح کی طرف یعنی مسئلہ افغانستان کی طرف ایران کے انقلاب نے، پاکستان میں اسلام کی تحریک نے، چین میں مسلمانوں کو ملنے والی آزادی نے، اور افغانستان میں مجاہدین کی جنگ کی شدت نے روس کے مقبوضہ مسلمان علاقوں میں سیاسی بیداری کی لہر دوڑا دی۔ جس سے گھبرا کے روس نے اپنا ہاتھ بھڑوں کے اس چھتے میں سے نکالنا چاہا، جس کی بھڑیں سب سے زیادہ زہریلی، تند اور سخت تھیں۔ ان بھڑوں نے اس کے ہاتھ کو کچل ڈالا، شل کر دیا۔ اب روسی ریچھ کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے کہ وہ اپنے ہاتھ کو واپس کھینچے۔ نتیجتاً وہ اپنا ہاتھ کھینچنا چاہ رہا ہے اور کھینچنا چاہے گا۔ اس کے سوا اس کے پاس کوئی چارہ کار نہیں ہے، کوئی راستہ نہیں ہے۔

[Mr: Muhammad Tariq Chaudhry]

جناب عالی ! افغان مسئلہ امریکہ کے حوالے سے نہیں ، روس کی دھمکی سے نہیں اور اقوام عالم کے ریفرینس سے نہیں ، پاکستان کی ضرورت، افغانوں کا مفاد ، اور خطے کی امن و سلامتی کے لئے حل ہونا چاہیئے۔ لیکن اس مسئلے کو جس تیزی سے نمٹایا جا رہا ہے جس طریقے سے معاہدے پر دستخط کئے جا رہے ہیں یہ نہ تو افغانستان کے اندر امن کا ذریعہ بنتا ہے نہ مہاجرین کی واپسی کی ضمانت دیتا ہے نہ مجاہدین کی کارروائیوں کو روکتا ہے نہ پاکستان کے بوجھ کو کم کرتا ہے نہ روس کا ہاتھ پکڑتا ہے اور نہ نجیب کی حکومت کو ختم کرتا ہے ۔

دوران خطاب صدر مملکت نے symmetry یعنی یکسانیت کا ذکر بھی کیا اور یہ خوشخبری سنائی کہ اس یکسانیت کے سمجھوتے پر امریکہ اور روس پہنچ چکے ہیں ۔ یکسانیت کا سمجھوتہ دراصل تھا کیا ! اور بن کیا گیا ہے۔ یکسانیت کا سمجھوتا یہ تھا کہ روس اپنی حامی نجیب حکومت کو اسلحہ کی سپلائی بند کر دے ۔ اور امریکہ مجاہدین کو اسلحہ کی سپلائی بند کر دے ۔ اور اس کے بعد امن کے سمجھوتے پر دستخط ہو جائیں ۔ تاکہ اس خطے کو جنگ کے شعلوں سے نکالا جا سکے ۔ لیکن بڑی طاقتوں کی سادگی میں بھی پُرکاری ہوتی ہے اور بے خودی بھی ہوشیاری کا پہلو لئے ہوتی ہے ۔ symmetry کا جو یہ سمجھوتا ہوا ہے اس کے مطابق اب دونوں فریق اپنے اپنے حامیوں کی امداد بند نہیں کریں گے بلکہ امداد جاری رکھیں گے جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ افغانستان کو ایک طویل خانہ جنگی کی آگ میں دھکیل دیا گیا افغانستان میں بہت

عرصہ تک آگ کے شعلے بھڑکتے رہیں گے۔ جب افغانستان کے اندر مسلسل آگ کے شعلے بھڑکتے رہیں گے اور روس کی سرحد پہ بدامنی موجود رہے گی تو پاکستان کی سرحد پہ بھی بدامنی موجود رہے گی۔ پاکستان کے اندر بیٹھے ہوئے 30 لاکھ افغان مہاجرین اسی طرح یہاں موجود رہیں گے اور پاکستان کے اندر آنے اور جانے والے افغان مجاہدین یہیں سے اسلحہ حاصل کریں گے۔ یہیں پہ ان کے دفاتر ہوں گے وہ بھی یہیں قیام کریں گے تو پھر اس پر دستخط کرنے کا وہ کونسا موقع ہے اور دستخط کرنے کی ہمیں ضرورت کیا ہے جب ہمارا مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ ہمارا تعلق افغانستان کے مسئلے سے صرف اتنا ہے کہ ہمارے ملک کے اندر ہماری سرزمین کے اوپر 30 لاکھ افغان مہاجرین قیام کرتے ہیں۔ ہمیں ان کا بوجھ اُٹھانا پڑتا ہے۔ ہمیں ان کی خبرگیری کرنا پڑتی ہے اور خیال رکھنا پڑتا ہے۔ ہمیں ان کا تحفظ کرنا پڑتا ہے۔ اس نسبت سے ہمارا صرف افغانستان سے تعلق ہے نہ افغانستان کے اندر پاکستان نے جنگ شروع کروائی اور نہ پاکستان افغان مہاجرین کو یہاں لایا۔ اور نہ پاکستان نے وہاں جہاد شروع کیا۔ نہ پاکستان نے جنگ شروع کرائی تھی اور نہ اسے بند کروانے پر قادر ہے جب پاکستان ان میں سے کسی چیز پر قادر نہیں ہے تو پھر وہ عدم مداخلت کے سمجھوتے پر کس طرح دستخط کر رہا ہے اس سے پاکستان کیا نتائج حاصل کرنا چاہتا ہے۔ ماسوائے اس کے افغانستان کے اندر ایک طویل عرصے کے بعد چند ایسے لوگ، چند ایسے قائد اور لیڈر جنہوں نے اسلام پہ بھروسہ

[Mr. Muhammad Tariq Choudhry]

کرتے ہوئے جہاد شروع کیا وہ پاکستان کے حامی بن کے ابھرے ، پاکستان کی طاقت بن کر سامنے آئے ، اگر ان کی حکومت افغانستان میں آجاتی ہے تو پاکستان کی مغربی سرحدیں بہت حد تک محفوظ ہو جاتی ہیں ۔ پاکستان کو ایک depth ملتی ہے ، گہرائی مل جاتی ہے بازوے شمشیر زن ملتا ہے لیکن دونوں بڑی طاقتوں کی یہ چالاکی اور عیاری ہے کہ انہوں نے بجائے اس کے کہ اسلحہ کی سپلائی بند کر دے ، اسلحہ کی سپلائی جاری رکھ کر افغانستان کو جنگ کے شعلوں میں مسلسل جلتا ہوا چھوڑ دیا ہے ۔ جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ یہ جنگ طویل عرصہ تک جاری رہے گی ۔ یہ افغانستان مجاہدین کی بہادری ، جذبۂ شہادت اور ان کی سمجھ بوجھ کا نتیجہ ہوگا اگر وہ تیزی کے ساتھ آگے بڑھ کر افغانستان پہ قبضہ کر لیتے ہیں تو ٹھیک ورنہ طویل جنگ کے نتیجے میں واضح طور پر یہ آثار نظر آتے ہیں کہ افغانستان دو حصوں میں تقسیم ہو جائے گا ۔ اور یہ تقسیم شدہ افغانستان کے لوگ روس کی حمایت سے اور کچھ ہماری مدد اور اسلحہ سے مسلسل آپس میں لڑتے رہیں گے نتیجتاً نہ وہ ہمیں depth مل سکے گی نہ کوئی سہارا مل سکے گا نہ ہمیں کوئی دوست مل سکے گا ۔ نہ وہ مسلمان افغان نہ وہ اسلامی افغانستان مل سکے گا ۔ ان دستخطوں کے نتیجے میں ہم نے کھویا بہت ہے پایا کچھ نہیں ہے ۔ اور میں نہیں جانتا کہ کل سے جو بھی ڈھنڈورا پیٹا جائے گا ان دستخطوں کے بعد وہ پاکستان کے لئے کس حد تک صحیح ہوگا ۔ بہر حال میں تو صرف اتنا کہہ کر بات ختم کرتا ہوں کہ افغان مجاہدین کا مؤقف درست ہے ، ٹھیک ہے اور ان کا ایکشن بالکل واضح طور پر ہمارے مفاد میں ہے

اور افغان مجاہدین جو بھی رُخ اور مؤقف اختیار کریں گے میں اور میرے جیسے بہت سے دوسرے پاکستانی ان کا ہر قیمت پر ساتھ دیں گے۔ ہر قدم ان کے ساتھ چلیں گے۔ اور جہاں تک وہ چاہیں گے۔ ہم ان کی مدد جاری رکھیں گے۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ جناب احمد میاں سومرو صاحب۔

**Mr. Ahmed Mian Soomor:** Thank you Mr. Chairman. Already a lot has been said and I would not like to repeat many of those things and with your permission,I would be speaking on the main motion and not at the amendment.

**Mr. Chairman:** Right.

**Mr. Ahmed Mian Soomro :** Thank you Sir. This was an Address, the fourth Address made by the President since we have reverted to civil law. It was obviously and Address under Article 56 (3) which the President has to deliver at the begining of each year of Parliament to the two Houses assembled together. In that Address under the Constitution Sir, there is no binding on the President as to what he has to say or he is bound to say merely because he has called it 'his master's voice.

I respectfully disagree with my colleague Senator, Mr. Hassan A. Shaikh and would like to keep the record clear that the President in his whole Address, which I have gone through, has no where asserted that

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

he is above the Constitution. In fact he has asserted that he is subservient to the Constitution. He has neither any-where gone against any decision of Parliament. The very fact that upto this time, there has been no occasion where he has refused his assent to any Bill passed by Parliament, shows that he has always as far as possible respected the wishes of Parliament. It was not fair, I think, and this the President has also asserted in his speech that to criticise him, his person, while he has no opportunity to defend himself, is not fair. In fact it is against the Constitution to attack his person whereas we are not supposed to make any attack on the personal conduct of the President. Of course that suah criticism is limited, only to his acts in his capacity as President and so far as the interests of Parliament or public are concerned. This is also, I think, clear from the coparison with the Indian Constitution as pointed out by my learned brother Senator, Prof. Khurshid Ahmed.

Sir, the few points referred to in the Address which I will refer to in order to save the time of this House, are, firstly, elections on party and non-party basis . The President has rightly said that the elections to the present Parliament were held on a non-party basis I, myself, do not favour elections on non-party basis. I would, in a democracy, in the democratic system, in the pareliamentary system, favour elections on party basis. Be that as it may, there is no doubt that the lections were held on non-party basis and the Prime Minister of the party in power, which also came into power not throught the party system, was appointed intially by the President excercising this power under the Constitution. Subsequently, if they thaught that a party system should be brought into existence, the proper thing was to resign from their seats and to come back to the House on the party system if they got the mandate of the

people. Because their first mandate was to continue on the non-party bais. Therefore, I would respectfully submit that changing the very basis of the elections and the system of elections is not correct. The President, in his speech, has rightly said that this party has come into power and formed the party on the basis of its power. They do not begin from the roots; they do not or at that time at least did nothave any roots in the masses and he righlty referred to them as being on the roof of a house and that they should go down on the ground and get their roots planted there.

The President in his Address at page 28 given to us has reiterated what he had said in the Address a year earlier that we must enforce and strengthen the committee system. Sir, while we have seen the working of Parliament and particularly the Senate during the last visit of the Senate's Committee to the United States, to Canada and Argentina where bicameral systems exist we found that this advice of the President is inthe interest of the country and we must enforce here committee system. It is unfortunate that although the new Rules of Procedure have come into effect but the committees have not even formed as yet and nor do they appear likely to be formed during this session that means upto probably next July, we would in a way be failing to perform our duty to elect the members of the various committees . I would, therefore, Sir, through you, draw the attention of the relevant party, relevant authority that they should form the committees, bring them into effect and let this committee system really work. Because it is the system by which the administrative machinery could be supervised. there would be an accountability for them through the public representatives. I have personally experienced that those committees which have been functioning have really done service to the Ministries

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

with which they are concerned. I would, therefore fully endorse and, in fact, thank the President for laying stress on the committee system.

He has equally referred to the cancer of corruption. Sir, I feel and there is no doubt that corruption is at its height, and, in fact, it is knowing no bounds. There is no doubt that the Prime Minister is very honest and sincere in trying, to reduce it. I don't think, it can be rooted out completely at least in the very near future, but even if there is a substantial reduction in the rate of corruption, in the amount of corruption, it would be an achievement. We cannot close our eyes to the rising and fast rising state of corruption in our country. It has to be tackled on a war-footing. We have to amend the relevant laws to try and plug the loop-wholes whereby corrupt people are able to get off.

The suggestion of one of my colleagues that we must enforce the law regarding 'living beyond means.' We should sincerely tackle this problem and see how persons who have no ostensible means of maintaining their status are living as such, we must take note of that, and this must start from the top, Sir. We have heard so much about corruption in Sind; we have heard so much about the disposal of plots there; I would suggest to the Government that now when we have a change in the provincial administration of Sind by a perrson whom I personally know to be an honest, whose integrity is beyond doubt and I hope he will also prove an able Chief Minister and set right the complete disorder and mal administration that exists in Sind. I would suggest that all the allotments of plots made from the first January 1988 in Sind be annulled and be looked into to see whether the allotments

were really *bonafide* and given to deserving cases or there was something else behind them. If all actions, all wrongs are just allowed to have their place, it will not bring any good change in the administration.

As far as the judiciary is concerned Sir, we have from time to time given suggestions as to how quick justice could be given, how the present loadwork of the courts could be substantially reduced by allowing compounding of various offences. But it seems all that we do here is to discuss and in the last three years we don't find any real end to those ailments which we pointed out here and where we also have suggested their remedies. The Sind Chief Minister is changed but upto three years Sir, we do not yet have a decision as to the constitutionality of his appointment. Unless justice is given speedily and decisions taken at the appropriate time we will only remember the maxim, 'the justice delayed is justice denied'.

As far as Islamization in concerned the President has in his Address correctly referred to the fact that this House, the Senate had unanimously passed the Ninth Amendment Bill but it is lying in cold storage with the National Assembly. Obviously the government which was itself so anxious at that time and got it passed unanimously in the Senate; what has happened to that ? That is now in the cold storage.

As far as the education policy is concerned Sir, a lot has been siad by my learned colleague Professor Khurshid Ahmed but I would like to reiterate here that in the matter of education, discipline and respect for elders must be one of the main subjects from the primary stage. Sir, during my visit to South Korea and Thailand recently I noted that one of the main reasons for the fantastic development of these two countries

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

was discipline in the nation. They do not have the benefit of natural resources which could overnight have made them so much developed but I think it is the discipline which their nation possesses. I found their children, when they came before us, have their heads down. If they come before any elder they would have their heads down. This is the sort of discipline Sir, we need to teach our children so taht they can grow up as a disciplined nation and we can be proud of them. I am sure Sir, that in that manner our nation, our country could progress.

Then Sir, as far as unity integrity and solidarity of this country is concerned it is the concern of everyone. We should really appoint a high powered commission to go into some of the suggestions that have been made in this House namely if this House instead of having just four provinces where one is larger than all the three put together, consider having about 14 States where all the people could get redress to their grievances at their door-steps, this will do away with provincialis, with regionalism and various other maladies . Let them seriously appoint a committee, a high powered committee, to go into this and give us their finding and not a committee whose reports merely see the shelves of the storage places of the Government, many of which do not even see the light of the day and the public are not aware of it. With these words Sir, I thank you for giving me this opportunity. I would not like to repeat many of the other things which my brothers have already touched upon. Thank you, Sir.

**Mr. Chairman:** Thank you very much. Shall we continue this sitting? I think there would not be time to take more than one speaker provided he does not take more than 15 - 20 minutes otherwise we will have to adjourn then.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Adjourn for sunday, Sir.

**Mr. Chairman:** Adjourn for Sunday. Well, before we do that I would like to have your confirmation that Sunday, though ordinarily it would be a Private Members Day, would not be treated as a Private Membersday but official business would be transacted on that day and this present debate on President's Address would be continued. And No. 2 that there would be no adjournment motions, of course, on Sunday and there are no questions as well. I hope, I have your agreement on this.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** yes, Sir.

**Mr. Chairman:** Right.

**Mr. Ahmed Mian soomro :** Point of order, Sir, may I ask when the Standing Committees of the various Ministries are going to be formed ?

**Mr. Chairman:** I think the case is already in the mill.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** 'Does the mill grind it or not?

**Mr. Chairman:** It is grinding but rather slowly. So, Mr. Wasim Sajjad would be in a position to comment

**Prof. Khurshid Ahmed:** I would also like to reqeust you to see that some of the committees which were already working, their work is being hampered when half of the members of the committees have retired and now we cannot proceed till the committees are reconstituted. So please expedite it .

**Mr. Charman:** I think, in one of the previous sittings the House had authorised these committees to function in the manner they are, till such time that they were substituted by new committees.

**Professor Khurshid Ahmed:** My difficulty is that half of the members of my committee have gone.

**Mr. Chairman:** So, purely constitutionally, we have the legal authority for doing that.

**Prof. Khurshid Ahmed:** I agree with you but the problem is practical. Out of five persons three have gone.

**Mr. Chairman:** But do you have a quorum or not?

**Professor Khurshid Ahmed :** I don't have a quorum. Only two are left.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** three is the quorum, Sir.

**Mr. Chairman:** Mr. Wasim Sajjad would you kindly throw some light on it?

**Mr. Wasim Sajjad:** I think we have to wait until at least the next session. We can move the motion but their constitution may take some time. So, we can authorise all these committeess which don't have quorum, to coopt somebody so that they have a quorum.

**Mr. Chairman:** No, but shall you not suggest some addition to these committees which do not have a quorum purely on an ad-hoc basis.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, I think what we can do is that we can authorise you Sir, as the Chairman to complete the committees.

**Professor Khurshid Ahmed:** That is very fair.

**Mr. Chairman:** Right. Then those committees which lack a quorum, I think, we will made that up till such time that they are substituted by properly elected committees. Qazi Abdul Latif Sahib.

**قاضی عبداللطیف** : جناب والا! کیا اتوار کو ہمیں ترمیم داخل کرنے کی اجازت ہوگی؟ اس لئے کہ اس وقت تک تو اردو میں ترمیم میرے پاس نہیں آئی، اردو کا مسودہ، میرے پاس نہیں آیا۔

**جناب چیئرمین** : میرے خیال میں کوئی حرج نہیں، لیکن وہ بھی اسی طریقے پر ہوگا۔ ترمیم آپ دے دیں، آج ہی دے دیں۔

**قاضی عبداللطیف** : لیکن وہ اردو کا مسودہ میرے پاس اب تک نہیں پہنچا، میں نے تو بار بار اصرار کیا ۔۔۔

**جناب چیئرمین** :۔ یہ جو پروفیسر خورشید کا ہے۔

**قاضی عبداللطیف** : جی ہاں۔

**جناب چیئرمین** : وہ آج پہنچ جائے گا، اس کی ٹرانسلیشن ہو رہی ہے۔

**قاضی عبداللطیف** :۔ ہو تو رہی ہے، وہ جو آپ کی رولنگ بھی تھی کہ اس کا ترجمہ بھی ہو رہا ہے وہ بھی ابھی تک میرے پاس نہیں پہنچا۔

**جناب چیئرمین** : اس کا تو ابھی مجھے لکھ کر جواب آیا ہے کہ وہ ابھی ہم کر رہے ہیں اور قاضی صاحب کو پہنچا دیں گے یہ میرے پاس ہی ہے ، یہ رکھا ہوا ہے ۔

**قاضی عبداللطیف** : پھر وہاں کمرے تک پہنچا دیں گے

**جناب چیئرمین** : کمرے میں پہنچا دیں ۔

So, this sitting is adjourned.

The House will meet again on Sunday the 17th April, 1988, at 10.10 a.m. for transacting official business.

Thank you. the sitting is adjourned.

---

*[The House adjourned to meet again at ten of the clock, in the morning, on Sunday, the 17th April, 1988.]*

---